★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیرِ وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 330 بروز بدھ 26 اگست 2026ء 12 ربیع الاول 1448ھ......قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

بیرون ملک مقیم پنشنرز کو غیرملکی کرنسی میں ادائیگیوں کا انکشاف، تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش

اسلام آباد (آئی این پی) بیرون ملک مقیم پنشنرز کو غیرملکی کرنسی میں پنشن کی ادائیگی کا انکشاف سامنے آیا ہے جس کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کردی گئیں۔ وزارت خزانہ نے ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو کے سوال پر تحریری جواب پیش کیا جس کے مطابق مختلف محکموں سے تعلق رکھنے والے 33 پنشنرز بیرون ملک مقیم ہیں، بیرون ملک مقیم پنشنرز کو غیرملکی کرنسی میں پنشن کی ادائیگی کی جا رہی ہے۔ تحریری جواب میں بتایا گیا ہے کہ پنشنرز کی تقرری 2 جنوری 1959 سے پہلے ہوئی تھی

گڈز ٹرانسپورٹرز نے ڈیزل کی قیمت میں دوبارہ اضافہ مسترد کردیا

کراچی (آئی این پی) گڈز ٹرانسپورٹرز نے ڈیزل کی قیمت میں دوبارہ اضافے کو مسترد کردیا۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن اویس چوہدری نے کہا ہے کہ ڈیزل کی قیمت میں بار بار اضافہ فوری بند کیا جائے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا جائزہ ہر 15 روز بعد لیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں محمد اویس چوہدری کا کہنا ہے کہ ڈیزل مہنگا ہونے کا براہ راست بوجھ ٹرانسپورٹرز اور عوام پر پڑ رہا ہے، ڈیزل پر عائد بھاری ٹیکسز و ڈیوٹیز پر فوری نظرثانی کی جائے

عمران کی اسپتال منتقلی کا معاملہ، عظمیٰ خان کی توہین عدالت کی درخواست اعتراض لگا کر واپس

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ کے رجسٹرار آفس نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن عظمیٰ خان کی توہین عدالت کی درخواست اعتراض لگا کر واپس کردی۔ بانی پی ٹی آئی کی اسپتال منتقلی کے معاملے پر عمران خان کی بہن عظمیٰ خان نے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

ایرانی سرکاری ٹی وی پر ٹرمپ کے بیٹے کو قتل کرنے والے کیلئے 2 ارب روپے سے زائد انعام کا اعلان



تہران (آئی این پی) ایران کے سرکاری ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والی ایک رپورٹ میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیٹے بیرن ٹرمپ کو مبینہ طور پر نشانہ بنانے سے متعلق مواد دکھائے جانے کے بعد نئی تشویش پیدا ہوگئی ہے۔ تقریباً تین منٹ کی اس رپورٹ کا محور بیرن ٹر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

نئے صوبوں پر بیانات اور تبصروں سے اجتناب، پارٹی کی حتمی پالیسی کا انتظار کیا جائے، نواز شریف کی پارٹی رہنماؤں کو ہدایت

اسلام آباد (آئی این پی) مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف نے پارٹی رہنماؤں کو نئے صوبوں پر بات کرنے سے روک دیا اور حتمی پالیسی کا انتظار کرنے کی ہدایت دے دی۔ میڈیا رپورٹ سے مطابق ذرائع نے بتایا کہ نواز شریف نے پارٹی رہنماؤں کو ہدایت کی ہے کہ نئے صو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے 19 افسران کی میرٹ پر تعیناتی کا عمل مکمل ہوگیا، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا تقریب سے خطاب

نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج کم کرنے کیلئے ہر سطح پر میرٹ کو فروغ دینا ہوگا

وزیراعلیٰ بلوچستان

وزارتِ اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے روز اول ہی بلوچستان کے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور بھرتیوں میں میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے 19 افسران کی میرٹ پر تعیناتی کا عمل مکمل ہوگیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نومنتخب افسران میں تقرری کے لیٹرز تقسیم کیے اور انہیں مبارکباد دیتے ہوئے محنت، لگن، دیانت داری اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے کے معاشی مستقبل میں کلیدی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ صوبے کے وسائل کا ایک بڑا حصہ غیر ترقیاتی اخراجات کی نذر ہو جاتا ہے، جس کے باعث عام بلوچستانی کی فلاح و بہبود کے لیے محدود وسائل دستیاب رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

جشن عید میلاد النبی ﷺ (آج) ملک بھر میں انتہائی عقیدت و احترام اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جائے گا، فضائیں درود و سلام سے گونجیں گی

گلی گلی، قریہ قریہ عاشقانِ رسول ﷺ کی جانب سے میلاد النبی ﷺ کے جلوس نکالے جائیں گے علماء کرام، نعت خواں، مذہبی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد شرکت کرے گی

ملک بھر میں آج جشن عید میلاد النبی ﷺ، عقیدت و محبت کے رنگ بکھر جائیں گے

گھروں، دفاتر، مساجد، پارکس، تفریحی مقامات، گلیوں، مارکیٹوں، بازاروں اور شاہراہوں کو رنگ برنگے پرچموں، برقی قمقموں، آرائشی محرابوں سے سجا دیا گیا، سخت سکیورٹی انتظامات مکمل

اسلام آباد، لاہور، کراچی، کوئٹہ (آن لائن) جشن عید میلاد النبی ﷺ (آج) 12 ربیع الاول، 26 اگست بروز بدھ ملک بھر میں انتہائی عقیدت و احترام اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جائے گا۔ اس سلسلے میں اسلام آباد، چاروں صوبوں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان، جنوبی پنجاب سمیت ملک کے مختلف شہروں میں عاشقانِ رسول ﷺ کی جانب سے میلاد النبی ﷺ کے جلوس نکالے جائیں گے، جبکہ مختلف مقامات پر محافل میلاد، نعت خوانی اور درود و سلام کی روح پرور محافل کا بھی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

سلام آباد، جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کو جولائی میں 76 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کی غیر ملکی اقتصادی معاونت موصول ہوئے

سرکاری دستاویز کے حوالے سے میڈیا رپورٹ کے مطابق اس رقم میں قرضوں کے ساتھ گرانٹس بھی شامل تھیں

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کو جولائی 2026 کے دوران غیر ملکی اقتصادی معاونت کی مد میں مجموعی طور پر 76 کروڑ 30 لاکھ ڈالر موصول ہوئے۔ سرکاری دستاویز کے حوالے سے میڈیا رپورٹ کے مطابق اس رقم میں قرضوں کے ساتھ گرانٹس بھی شامل تھیں، تاہم مجموعی معاونت کا بڑا حصہ قرض کی شکل میں حاصل ہوا۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی میں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

قومی اسمبلی کا اجلاس جمعہ کی صبح گیارہ بجے تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کا اجلاس جمعہ کی صبح 11 بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔ منگل کو ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے اجلاس جمعہ کی صبح 11 بجے تک ملتوی کر دیا۔ بدھ کو 12 ربیع الاول کی تعطیل ہے

قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس آج اسلام آباد میں منعقد ہوگی

کانفرنس میں نوجوان نسل کو درپیش فکری، اخلاقی اور سماجی چیلنجز کا جائزہ لیا جائے گا، سردار یوسف

اسلام آباد (آئی این پی) وزارت مذہبی امور کے زیر انتظام قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس آج 12 ربیع الاول (بدھ) کو اسلام آباد میں منعقد ہوگی۔ وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ بین الاقوامی سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں ممتاز علما، مشائخ، دانشور، محققین اور دیگر شخصیات شرکت کریں گی۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر نے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

میر سرفراز بگٹی کا عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر پوری قوم اور بالخصوص اہل بلوچستان کو مبارکباد پیش

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر پوری قوم اور بالخصوص اہل بلوچستان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کے لیے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے۔ آپ ﷺ کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

فیلڈ مارشل کا دورہ ایران، عالمی ذرائع ابلاغ میں بھرپور پذیرائی، سفارتی ڈیڈلاک توڑنے کا اہم ذریعہ قرار دیا

پاکستان کی سفارتی کوششیں عالمی معیشت اور خطے کے استحکام کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں

پاکستان کی سفارتی کوششیں عالمی معیشت اور خطے کے استحکام کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں، بلومبرگ

راولپنڈی (آئی این پی) فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ ایران کو عالمی ذرائع ابلاغ میں بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی، رائٹرز اور بلومبرگ نے فیلڈ مارشل کے دورے کو سفارتی ڈیڈلاک توڑنے کا اہم ذریعہ قرار دیا۔ تفصیل کے مطابق پاکستان ثالث بن کر واشنگٹن اور تہران کے درمیان مذاکرات کی بحالی کے لئے متحرک ہے، خطے میں پائیدار امن اور امر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نومنتخب افسران سے خطاب کر رہے ہیں

پاک ایران گیس پائپ لائن پر امریکی پابندیوں کی وجہ سے کام نہ ہوسکا، مسئلے کا حل نکالنے کیلئے دوستانہ کوششیں کر رہے، وفاقی وزیر توانائی

اگر ایران پر پابندیاں ختم ہوئی تو پاکستان پائپ لائن بچھانے کیلئے تیار ہے، علی پرویز ملک

فریقین دوستانہ ماحول میں مسئلے کا حل ڈھونڈ رہے، پاکستان پر پابندیاں موجود اس لیے عملی اقدامات نہیں کیے جا رہے، سینٹ میں جواب

ایران پاکستان پائپ لائن پروجیکٹ 2006 میں شروع ہوا تھا اور اب 2026 ہو چکا ہے اس وقت پاکستان گیس کی قلت کا سامنا کر رہا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر توانائی علی پرویز ملک نے ایوان بالا کو بتایا ہے کہ پاک ایران گیس پائپ لائن پر امریکی پابندیوں کی وجہ سے کام نہ ہوسکا، مسئلے کا حل نکالنے کے لیے دوستانہ انداز میں کوششیں کر رہے ہیں۔ منگل کو سینیٹ میں توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ ایران نے پاکستان ایران گیس پائپ لائن پر بہت کام کیا ہے تاہم پاکستان پر موجود پابندیوں کی وجہ سے کوئی خاطر خواہ کام نہیں ہو سکا۔ وزیر توانائی نے کہا کہ پاکستان اور ہمارے مسلم برادر ملک ایران کے مفاد میں جو فائدہ مند ہے اس پر کام جاری ہے۔ دونوں فریقین دو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن لاہور مال روڈ دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

موجودہ دور میں امتِ مسلمہ کو اتحاد، اخوت اور باہمی احترام کی پہلے سے زیادہ ضرورت ہے، رہنما پی پی پی

12 ربیع الاول ہمیں سیرتِ رسول پر عمل اور اتباعِ سنت کا درس دیتا ہے، بلال مندوخیل

آپ کی حیاتِ طیبہ ہمیں ایمان، تقویٰ، صبر، عدل، اخوت، رحم دلی اور حسنِ اخلاق کا درس دیتی ہے، پیغام

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، اور سینیٹ پاکستان کی کامرس کمیٹی کے رکن سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے 12 ربیع الاول کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ کی سیرت مبارکہ پوری انسانیت کے لیے بہترین نمونہ ہے۔ آپ کی حیات طیبہ ہمیں ایمان، تقویٰ، صبر، عدل، اخوت، رحم دلی اور حسن اخلاق کا درس دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم سے سچی محبت کا تقاضا ہے کہ ہم آپ کی سنت اور تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں۔ صرف زبانی دعوے کافی نہیں بلکہ ہمارے کردار، معاملات، معاشرت اور باہمی رویوں میں بھی اسوہ رسول کی جھلک نظر آنی چاہیے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ رسول اللہ نے انسانوں کے درمیان عدل و انصاف، مساوات، بھائی چارے اور حقوق العباد کی پاسداری کو خصوصی اہمیت دی۔

کوئٹہ، ریلوے کے ڈویژنل انجینئر شاہ نواز سے پاکستان ریلوے ورکرز یونین کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ، چیف آرگنائزر سید محمد بگٹی، حسن خان کھیتران، احتشام حمید کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

سندھ اور پنجاب پولیس کی جانب سے بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیورز کو مبینہ طور پر تنگ کیا جارہا ہے

سندھ اور پنجاب پولیس بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز کو ہراساں کرنا بند کرے، جمال شاہ کاکڑ

آئے روز بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیورز کو مختلف مقامات پر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) اسلام آباد بلوچستان کے مسائل پر قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ سندھ اور پنجاب پولیس کی جانب سے بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیورز کو مبینہ طور پر تنگ کیا جارہا ہے، جس کے باعث انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے

نئے صوبوں کے معاملے پر پوری قوم سنجیدہ، 13 سے 14 صوبے بنائے جائیں، رانا نذیر احمد خان

چھوٹے صوبے بننے سے انتظامی امور بہتر ہوں گے اور پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا، صدر آئی پی پی پنجاب

لاہور (آئی این پی) استحکام پاکستان پارٹی پنجاب کے صدر رانا نذیر احمد خان نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے معاملے پر پوری قوم سنجیدہ ہے، پاکستان میں 13 سے 14 صوبے بنائے جائیں۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا نذیر احمد خان نے کہا کہ نئے صوبوں کا قیام پاکستان کی تقسیم نہیں بلکہ ملک کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد بنے گا، چھوٹے صوبے بننے سے انتظامی امور بہتر ہوں گے اور پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ رانا نذیر احمد خان کا کہنا تھا کہ نئے صوبے بننے سے ہم مانگنے والوں کے بجائے دینے والوں کی فہرست میں شامل ہو جا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

محسن نقوی شہباز شریف حکومت کے سب سے پہلے اور آخری سپورٹر ہیں، اختیار ولی خان

وہ ایک ایسی بات کر رہے ہیں جو کچھ لوگوں کو اچھی لگے گی اور کچھ کو شاید ناگوار گزرے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات خیبر پختونخوا اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی وزیر اعظم شہباز شریف کی حکومت کے سب سے پہلے اور آخری سپورٹر ہیں اور وہ اپنی تمام توانائیاں ریاست اور حکومت کے لئے صرف کر رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں اختیار ولی خان کا کہنا تھا کہ وہ ایک ایسی بات کر رہے ہیں جو کچھ لوگوں کو اچھی لگے گی اور کچھ کو شاید ناگوار گزرے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ محسن نقوی شہباز شریف حکومت کے سب سے مضبوط حامی ہیں۔ محسن نقوی شہباز حکومت کا سب سے پہلا اور سب سے آخری سپورٹر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

ر کا دورہ ایران عالمی میڈیا پر بھرپور کوریج

فیلڈ مارشل کا دورہ ایران ایسے وقت میں ہوا، جب واشنگٹن اور تہران مذاکرات تعطل کا شکار، خطے میں کشیدگی مسلسل بڑھ رہی ہے، رائٹرز

تہران میں اعلیٰ سطحی بات چیت میں کشیدگی کم کرنے، آبنائے ہرمز کو کھولنے اور جنگ کے خاتمے پر اہم پیشرفت ہوئی، محسن نقوی

راولپنڈی (آن لائن) ایران اور امریکہ کے درمیان جاری شدید کشیدگی اور جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششیں عالمی توجہ کا مرکز بن گئی ہیں۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ تہران کو عالمی میڈیا نے خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کم کرنے تعطل کا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

وہی قُرآں، وہی فُرقاں
وہی یٰسیں، وہی طٰہٰ

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ
"اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا"

جشن ولادت رسول اللہ ﷺ خاتم النبیین حضرت محمد

وزارتِ اطلاعات ونشریات
حکومت پاکستان
/GovtofPakistan @Govtofpakistan @GovtofPakistan @govtofpak www.moib.gov.pk
URAAN PAKISTAN
PID(I)1907 -D/26

• ABC CERTIFIED •
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

عید میلاد النبی ﷺ

قومی اسمبلی نے عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی، قرارداد وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے پیش کی۔ قرارداد میں میلاد النبی ﷺ کی تاریخی اہمیت کے پیش نظر قومی سطح پر تقریبات منعقد کرنے کی سفارش کی گئی اور کہا گیا کہ سرکاری و نیم سرکاری، نجی عمارات اور شاہراہوں کو چراغاں اور سجاوٹ سے آراستہ کیا جائے۔ قرارداد میں کہا گیا کہ وفاقی وصوبائی حکومتیں میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اعلیٰ سطح کے قومی پروگرامز کا انعقاد کریں، میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے سیرتِ طیبہ، امن، رواداری اور اخوت کے فروغ کے لیے خصوصی تقریبات منعقد کیے جائیں، سرکاری و نیم سرکاری، نجی عمارات اور شاہراہوں کو چراغاں اور سجاوٹ سے آراستہ کیا جائے، تمام سرکاری، تعلیمی اور کاروباری ادارے میلاد النبی ﷺ کی تقریبات میں بھرپور شرکت کریں۔ قرارداد میں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ، خاتم النبیین کی تعلیمات کو عام کرنے پر زور دیتے ہوئے سیرت رسول ﷺ کی روشنی میں امن، رواداری، اخوت اور بھائی چارے کو فروغ دینے کا عزم کیا گیا۔ قومی اسمبلی کی قرارداد میں سنتِ رسول ﷺ کے فروغ اور تعلیماتِ نبوی ﷺ پر عمل کی تلقین کی گئی جبکہ قرارداد میں پوری قوم سے میلاد النبی ﷺ کا بابرکت موقع عقیدت، احترام اور اتحاد کے ساتھ منانے کی اپیل کی گئی۔ ایوان نے حکومت کی پیش کردہ قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی۔

بقیہ 01

کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی سے توقع ہے کہ وہ صوبے کے ریونیو میں اضافہ کرتے ہوئے کم از کم غیر ترقیاتی اخراجات کا بوجھ کم کرنے کے لیے خاطر خواہ وسائل پیدا کرے گی۔ غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی سے بچنے والے وسائل کو عوامی فلاح، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور دیگر ترقیاتی ترجیحات پر خرچ کیا جاسکے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے روز اول ہی بلوچستان کے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور بھرتیوں میں میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔ محکمہ تعلیم میں 14 ہزار 500 سے زائد اساتذہ کی بھرتیاں میرٹ پر کی گئیں اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کی حالیہ تعیناتی اسی پالیسی کا عملی تسلسل ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں میرٹ کی سطح کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ان کے اپنے ضلع ڈیرہ بگٹی سے بھی کوئی امیدوار کامیاب نہیں ہوسکا۔ بھرتی کے پورے عمل میں کسی بھی ایگزیکٹو آفس سے کوئی دباؤ نہیں ڈالا گیا اور تقرریاں سو فیصد میرٹ پر عمل میں لائی گئیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے میرٹ کو یقینی بنانے پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان نورزئی اور پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شفاف اور میرٹ پر مبنی بھرتیاں ہی نوجوانوں کا ریاستی اداروں پر اعتماد بحال کرنے کا موثر ذریعہ ہیں انہوں نے نو منتخب افسران سے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نوجوان افسران خلوص، محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ طے شدہ اہداف کے حصول کے لیے کام کریں۔ آئندہ مالی سال کے اہداف میں نمایاں بہتری کا حصول ان کا پہلا امتحان ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط اخلاص ہر سرکاری افسر کا طرز امتیاز ہونا چاہیے۔ پاکستان ہی ہماری پہچان ہے اور فرائض کی انجام دہی میں ریاست کو ہر سطح پر مقدم رکھنا ضروری ہے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج کم کرنے کے لیے ہر سطح پر میرٹ کو فروغ دینا ہوگا میرٹوکریسی کو مضبوط بنا کر ہی نوجوانوں اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد اور وابستگی کو مزید مستحکم کیا جاسکتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت بلوچستان کو معاشی طور پر مستحکم اور اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کو صوبے کا ایک مثالی، موثر اور فعال ادارہ بنایا جائے گا جو صوبے کے مالی استحکام میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا انہوں نے نو منتخب افسران پر زور دیا کہ وہ محنت، لگن اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے عہد کے ساتھ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا آغاز کریں اور ادارے کی کارکردگی کو نئی بلندیوں تک لے جانے میں اپنا کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس امر پر بھی خوشی کا اظہار کیا کہ میرٹ کی بنیاد پر بلوچستان کی باصلاحیت خواتین بھی بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کے طور پر منتخب ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین سمیت صوبے کے تمام باصلاحیت نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 02

یوں سے متعلق بیانات دینے اور تبصروں سے فی الحال اجتناب کیا جائے اور پارٹی کی حتمی پالیسی کا انتظار کیا جائے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پارٹی قیادت نے فیصلہ کیا ہے کہ نئے صوبوں کے معاملے پر مسلم لیگ ن اپنی حتمی پالیسی خود واضح کرے گی اور اس حوالے سے باضابطہ اعلان پارٹی کی جانب سے کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق پارٹی رہنماؤں کو ہدایت کی گئی ہے کہ حتمی پالیسی سامنے آنے تک نئے صوبوں کے معاملے پر کسی قسم کا بیان دینے سے گریز کریں۔

بقیہ 03

مپ تھے جس میں کرائس کے ذریعے ان تک رسائی حاصل کرنے کی مبینہ کوششوں، نگرانی، آن لائن سرگرمیوں اور ان کے اردگرد موجود افراد سے متعلق معلومات دکھائی گئیں۔ رپورٹ میں مبینہ طور پر بیرن ٹرمپ کے سوشل روابط کا پتا لگانے اور امریکی خفیہ سروس کی سیکیورٹی کے حصار تک پہنچنے کی کوششوں کا بھی ذکر کیا گیا۔ رپورٹ کے اختتام پر مبینہ طور پر ایک کروڑ ڈالر کے انعام کا ذکر بھی کیا گیا اور کہا گیا کہ بہت سے لوگ یہ رقم حاصل کرنے کے لیے تیار ہو سکتے ہیں۔ امریکی صدر اور ان کے اہل خانہ سے متعلق اس نوعیت کا مواد اس سے قبل بھی ایرانی میڈیا میں سامنے آچکا ہے، مگر تازہ نشریات میں براہ راست ٹرمپ کے بیٹے کو موضوع بنائے جانے کو دھمکی آمیز بیانیے میں ایک نمایاں تبدیلی قرار دیا جا رہا ہے۔ امریکی حکام ماضی میں ایران سے منسلک افراد پر ڈونلڈ ٹرمپ اور دیگر سابق امریکی عہدیداروں کے قتل کی سازشوں کے الزامات بھی عائد کر چکے ہیں۔ امریکی پراسیکیوٹرز نے 2024 میں بھی دعویٰ کیا تھا کہ ایران کی جانب سے ایک شخص کو ٹرمپ کے قتل کا منصوبہ تیار کرنے کی ذمہ داری دی گئی تھی۔ واضح رہے کہ سرکاری ٹی وی کی رپورٹ میں کیے گئے ان دعوؤں کی آزادانہ تصدیق نہیں ہو سکی جبکہ نشریات میں بھی اس بات کا کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا کہ بیرن ٹرمپ تک پہنچنے کی کوئی کوشش کامیاب ہوئی ہے۔

بقیہ 04

حکومت کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کی تھی جس میں وزیراعظم شہباز شریف، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور وزیر اطلاعات عطا تارڑ سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا تھا۔ درخواست میں عمران خان کو علاج کیلئے شفا اسپتال منتقل کرنے اور ان کے میڈیکل ٹیسٹ کرانے کا مطالبہ بھی کیا گیا تھا۔ اس حوالے سے گزشتہ روز پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر اور سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ سپریم کورٹ بھی آئے تھے تاکہ درخواست کو جلد سماعت کیلئے مقرر کروایا جاسکے۔ سپریم کورٹ کے رجسٹرار آفس نے بانی پی ٹی آئی کی بہن عظمیٰ خان کی توہین عدالت کی درخواست اعتراض لگا کر واپس کر دی۔ ذرائع کے مطابق رجسٹرار آفس کے اعتراض میں کہا گیا ہے کہ درخواست گزار نے فریقین پر توہین عدالت کے الزامات کی فہرست فراہم نہیں کی۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اسپتال منتقلی کے معاملے پر تحریک انصاف کی جانب سے دائر توہین عدالت کی درخواست پر رجسٹرار آفس نے ابتدائی اعتراض عائد کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سپریم کورٹ رجسٹرار آفس کے اعتراضات عبوری نوعیت کے ہیں، اعتراضات برقرار رکھنے یا دور کرنے کا فیصلہ مجاز اتھارٹی کرے گی۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ رجسٹرار سپریم کورٹ سے فیسلیٹیشن سینٹر میں ملاقات ہوئی، رجسٹرار آفس کی جانب سے ہماری درخواست پر اعتراض عائد کیا گیا، اعتراض لگایا گیا کہ توہین کے مرتکب افراد کو الزامات کی لسٹ نہیں بھیجی گئی۔ پی ٹی آئی نے اعتراض دور کر کے توہین عدالت کی درخواست دوبارہ سپریم کورٹ میں دائر کر دی۔

بقیہ 05

انعقاد کیا جائے گا۔ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ملک بھر میں امن وامان کے قیام، جلوسوں کی سکیورٹی اور شرکاء کو سہولیات کی فراہمی کے لیے انتظامیہ، پولیس اور متعلقہ اداروں کی جانب سے بھی خصوصی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ منتظمین نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ جشن میلاد کے موقع پر نظم و ضبط، باہمی رواداری اور مذہبی ہم آہنگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے امن و محبت کا پیغام عام کریں۔ جہانیاں سمیت ملک بھر میں تمام چھوٹے بڑے شہروں میں جشن عید میلاد النبیؐ کے جلوس نکالے جائیں گے جس میں درود وسلام کی صدائیں بلند کرتے عاشقان رسول شرکت کریں گے یہ جلوس اپنے طے شدہ راستوں سے گزر کر منزل مقصود پر پہنچیں گے۔ مختلف اداروں میں سیرت النبیؐ کے موضوع پر سیمینارز، کانفرنسز اور محافل نعت کا اہتمام کیا جائے گا جبکہ ملک بھر کی مساجد میں علماء کرام و خطیب اور مشائخ عظام ولادت باسعادت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر روشنی ڈالیں گے۔ مختلف مقامات پر دودھ کی سبیلیں لگائی جائیں گی، کیک کاٹے جائیں گے اور لنگر تقسیم کیا جائے گا۔ جہانیاں سمیت ملک بھر میں عید میلاد النبیؐ شایان شان طریقے سے منانے کیلئے گھروں اور کاروباری مراکز پر بھی سبز روشنیاں لگا کر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کا استقبال کیا جا رہا ہے در و دیوار برقی قمقموں سے سجائی جارہی ہیں عوام کا جذبہ دیدنی ہے جو کہ بڑھ چڑھ کر میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پروگراموں میں حصہ لے رہے ہیں۔ نبی پاک ﷺ کے یوم ولادت کے سلسلے میں تمام سرکاری و نیم سرکاری عمارتوں پر چراغاں کیا جائے گا جبکہ گھروں، دفاتر، مساجد، پارکس، تفریحی مقامات، گلیوں، مارکیٹوں، بازاروں اور شاہراہوں کو رنگ برنگے پرچموں، برقی قمقموں، آرائشی محرابوں، خوبصورت فلیکس سائنز، بینرز، جھنڈیوں اور دیگر آرائشی اشیاء سے سجایا جا رہا ہے۔ جہانیاں سمیت ملک کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں جلوس اور ریلیاں نکالی جائیں گی جبکہ جلوسوں کے راستوں میں دودھ، شربت کی سبیلیں لگانے، مٹھائی و لنگر تقسیم کرنے کے بھی خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں اس موقع پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے جائیں گے۔ جہانیاں میں مرکزی جامع مسجد جیلانی، مرکزی چوک، بائی پاس جہانیاں ملحقہ صادق آباد، چک 135 دس آر، پل 114، رحیم شاہ، بلی شیر واہن سمیت تحصیل بھر سے جلوس نکالے جائیں گے۔ ایس ڈی پی او سرکل جہانیاں ملک عبدالمجید کے مطابق جہانیاں شہر ملحقہ صادق آباد سمیت تحصیل بھر میں پولیس و انتظامیہ کی جانب سے سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے جائیں گے۔ جہانیاں شہر اور گردونواح میں بھی جشن عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے تیاریاں جاری ہیں۔ مختلف مذہبی وسماجی تنظیموں اور میلاد کمیٹیوں کی جانب سے جلوسوں کے روٹس کو سجانے، سبز جھنڈے اور جھنڈیاں لگانے سمیت دیگر انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ جلوسوں میں علماء کرام، نعت خواں، مذہبی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔

بقیہ 06

کہا کہ رواں سال مقابلہ مقالات سیرت کا موضوع "نسل نو کا تحفظ، تعمیر اور کردار سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں" مقرر تھا، موضوع پر بہترین مقالات سیرت پیش کرنے والوں کو نقد انعامات اور سرٹیفکیٹ دیئے جائیں گے۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ سیرت النبیؐ کانفرنس میں جید علما کرام اور اسکالرز اپنے خیالات کا اظہار کریں گے، کانفرنس میں نوجوان نسل کو درپیش فکری، اخلاقی اور سماجی چیلنجز کا جائزہ لیا جائے گا

بقیہ 07

سیرت طیبہ ہمارے لیے محبت، اخوت، برداشت، عدل، مساوات، رواداری اور انسانیت کی خدمت کا کامل نمونہ ہے اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ ہمیں اس عظیم ہستی کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی یاد دہانی کراتی ہے جنہوں نے انسانیت کو جہالت، ظلم اور ناانصافی کے اندھیروں سے نکال کر علم، عدل اور اخوت کی روشنی عطا کی۔ نبی کریم ﷺ نے معاشرے کے کمزور طبقات، یتیموں، مسکینوں، خواتین اور ضرورت مندوں کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی زور دیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ ہمارے لیے ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ آپ ﷺ نے عدل و انصاف، دیانت داری، امانت، مساوات اور باہمی احترام کو معاشرے کی بنیاد بنایا۔ آج ہمیں درپیش چیلنجز کا مقابلہ بھی انہی سنہری اصولوں کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بنا کر کیا جاسکتا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان ایک اسلامی جمہوری ریاست ہے اور ہماری قومی شناخت اسلام کی امن، سلامتی، بھائی چارے اور انسانیت سے محبت کی تعلیمات سے جڑی ہوئی ہے۔ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے معاشرے میں نفرت، تعصب، انتہا پسندی اور تقسیم کے بجائے اتحاد، رواداری اور باہمی احترام کو فروغ دیں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، قبائل، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے۔ یہاں بسنے والے تمام شہری ہمارے لیے برابر ہیں۔ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات ہمیں انسانوں کے درمیان برابری، بھائی چارے اور حقوق کی ادائیگی کا درس دیتی ہیں۔ صوبے میں امن، بھائی چارے اور بین المذاہب و بین المسالک ہم آہنگی کا فروغ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود، امن و امان، تعلیم، صحت اور معاشی ترقی کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ ریاستی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کمزور اور محروم طبقات کی ضروریات کو ترجیح دینا بھی سیرت النبی ﷺ کی بنیادی تعلیمات میں شامل ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آج کے دن ہمیں خصوصی طور پر اپنے ان بھائیوں اور بہنوں کو بھی یاد رکھنا چاہیے جو مشکلات، غربت اور دیگر مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ خوشی کے اس موقع پر مستحق افراد کو اپنی خوشیوں میں شریک کرنا، ضرورت مندوں کی مدد کرنا اور معاشرے کے کمزور طبقات کا سہارا بننا ہی حقیقی معنوں میں سیرت طیبہ سے محبت کا عملی اظہار ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ عید میلاد النبی ﷺ کے اجتماعات اور دیگر مذہبی تقریبات کے دوران امن وامان، مذہبی رواداری اور بھائی چارے کو برقرار رکھا جائے اور ایک دوسرے کے عقائد و جذبات کا احترام کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آج کے دن ہمیں یہ عہد بھی کرنا چاہیے کہ ہم پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے اپنے فرائض ایمانداری اور ذمہ داری سے ادا کریں گے۔ ایک مضبوط، پرامن اور خوشحال پاکستان ہی ہماری آنے والی نسلوں کا بہتر مستقبل یقینی بنا سکتا ہے میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت طیبہ پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے، پاکستان کو امن و استحکام اور بلوچستان کو ترقی و خوشحالی عطا کرے، ملک وقوم کو ہر قسم کی مشکلات سے محفوظ رکھے اور پوری امت مسلمہ پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔

بقیہ 08

یکا ایران کشیدگی کم کرنے میں پاکستان کا کردار نمایاں ہوا۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق پاکستان ایک بار پھر امریکا ایران کشیدگی اور جنگ کے خاتمے کے لیے ثالث کا کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، دورے سے قبل فیلڈ مارشل عاصم منیر کی امریکی صدر اور اعلیٰ امریکی حکام سے بات چیت ہوئی تھی۔ بلومبرگ کا کہنا ہے کہ دورے کا بنیادی مقصد واشنگٹن اور تہران کے درمیان تعطل کا شکار مذاکرات کو دوبارہ پٹڑی پر لانا ہے، تنازع اور آبنائے ہرمز کی صورتحال کے باعث عالمی توانائی کی سپلائی اور تیل کی ترسیل متاثر ہونے کا خدشہ ہے، پاکستان کی سفارتی کوششیں عالمی معیشت اور خطے کے استحکام کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں

بقیہ 09

موصول ہونے والی غیر ملکی اقتصادی معاونت میں 74 کروڑ 46 لاکھ 70 ہزار ڈالر قرض جبکہ ایک کروڑ 83 لاکھ 70 ہزار ڈالر گرانٹس پر مشتمل تھے۔ اس طرح جولائی کی مجموعی اقتصادی معاونت کا تقریباً 97 فیصد قرض کی صورت میں حاصل ہوا۔ رپورٹ کے مطابق جولائی کے دوران چین نے پاکستان کو 14 کروڑ 66 لاکھ 20 ہزار ڈالر کی غیر ملکی اقتصادی معاونت فراہم کی۔ اسی عرصے میں کثیر الجہتی مالیاتی اداروں اور دیگر ذرائع سے پاکستان کو 25 کروڑ 28 لاکھ 30 ہزار ڈالر موصول ہوئے۔ دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ جولائی میں پاکستان کو بجٹ سپورٹ کی مد میں 34 کروڑ 39 لاکھ 90 ہزار ڈالر کا قرض حاصل ہوا۔ یہ رقم حکومت کی مالی ضروریات پوری کرنے اور بجٹ معاونت کے لیے موصول ہونے والی غیر ملکی اقتصادی امداد کا حصہ تھی۔ جولائی کے دوران غیر منصوبہ جاتی معاونت کی مد میں 43 کروڑ 27 لاکھ 30 ہزار ڈالر موصول ہوئے، جبکہ منصوبہ جاتی معاونت کے تحت پاکستان کو 33 کروڑ 3 لاکھ ڈالر فراہم کیے گئے۔

بقیہ 10

ستانہ ماحول میں مسئلے کا حل ڈھونڈ رہے ہیں اور پاکستان کے مفاد میں ایران گیس پائپ لائن کے مسئلے کا حل تلاش کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ علی پرویز ملک نے واضح کیا کہ پاکستان پر پابندیاں موجود ہیں اس لیے عملی اقدامات نہیں کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ریٹ اور دیگر چیزوں پر بات نہیں کرنا چاہتے۔ اس سے قبل سینیٹر طلحہ محمود نے توجہ دلاؤ نوٹس پر بات کرتے ہوئے کہا تھا کہ ایران پاکستان پائپ لائن پروجیکٹ 2006 میں شروع ہوا تھا اور اب 2026 ہو چکا ہے۔ اس وقت پاکستان گیس کی قلت کا سامنا کر رہا ہے اور اگر یہ پروجیکٹ مکمل ہو جائے تو ملک کو فائدہ ہوگا۔ انہوں نے سوال اٹھایا تھا کہ اگر ایران سے پابندیاں ہٹا دی جائیں تو کیا پاکستان پائپ لائن بچھانے کے لیے فوری طور پر تیار ہے یا اس میں مزید سال لگ جائیں گے۔

بقیہ 11

نیت کے لیے بہترین نمونہ ہے۔ آپ کی حیات طیبہ ہمیں ایمان، تقویٰ، صبر، عدل، اخوت، رحم دلی اور حسن اخلاق کا درس دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم سے سچی محبت کا تقاضا ہے کہ ہم آپ کی سنت اور تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں۔ صرف زبانی دعوے کافی نہیں بلکہ ہمارے کردار، معاملات، معاشرت اور باہمی رویوں میں بھی اسوہ رسول کی جھلک نظر آنی چاہیے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ رسول اللہ نے انسانوں کے درمیان عدل و انصاف، مساوات، بھائی چارے اور حقوق العباد کی پاسداری کو خصوصی اہمیت دی۔ آج ہمیں ان تعلیمات کو اپناتے ہوئے معاشرے سے نفرت، تعصب، ناانصافی، بدعنوانی اور عدم برداشت کے خاتمے کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ 12 ربیع الاول ہمیں اپنے اعمال کا جائزہ لینے اور اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگی گزارنے کی کوشش کریں گے۔ والدین کے احترام، پڑوسیوں کے حقوق، غریبوں اور مستحق افراد کی مدد اور معاشرے کے کمزور طبقات کا خیال رکھنا اسلامی تعلیمات کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں امت مسلمہ کو اتحاد، اخوت اور باہمی احترام کی پہلے سے زیادہ ضرورت ہے۔ ہمیں اپنے اختلافات کو دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے اسلامی بھائی چارے، برداشت اور حکمت کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنی قومی زندگی میں دیانت، امانت، انصاف اور خدمت خلق کے اصولوں کو فروغ دیں۔ یہی وہ اقدار ہیں جن کی تعلیم ہمیں قرآن و سنت اور سیرت نبوی سے ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس موقع پر ہمیں ملک کی سلامتی، استحکام، ترقی و خوشحالی اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں نبی کریم کی سیرت طیبہ کو سمجھنے، سنت پر عمل کرنے اور اپنے کردار کو اسلامی تعلیمات کے مطابق ڈھالنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 12

یب میں چیئرمین میونسپل کمیٹی اوگی سید سومار شاہ کاظمی، وائس چیئرمین محمد وسیم خان تنولی، چیئرمین پی ٹی ایس ایم سی، اے ٹی وی نیوز کی رپورٹر میڈم زکیہ جتوئی اور ممبر پی ٹی ایس ایم سی عبدالغنی سومرو نے شرکت کی۔ معزز مہمانوں نے طلبہ میں یونیفارم تقسیم کیے اور اسکول کے مختلف شعبوں کا دورہ کر کے تعلیمی و ہم نصابی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر مہمانوں نے کہا کہ طلبہ ملک کا مستقبل ہیں، انہیں بہتر تعلیمی ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اسکول انتظامیہ کی تعلیمی، تخلیقی اور ہم نصابی سرگرمیوں کو سراہا۔ پرنسپل محمد سلیم سرپرہ نے کہا کہ طلبہ کی فلاح و بہبود اور معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے معاشرے کے تمام طبقات کا تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب کے دوران طلبہ میں یونیفارم حاصل کرنے پر خوشی اور جوش و خروش پایا گیا۔

بقیہ 13

نے کی۔ اس اہم اقدام کا بنیادی مقصد عام شہریوں اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان حائل دوریاں ختم کرنا اور عوامی شکایات کا ترجیحی بنیادوں پر ازالہ کرنا تھا۔ اس موقع پر سول، عسکری اور پولیس انتظامیہ کے اعلیٰ حکام نے ایک پیج پر نظر آتے ہوئے عوامی مسائل سنے۔ کھلی کچہری میں ایف سی ہرنائی (81 ونگ) کے کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل ارباب علی خان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد سلیم ترین، ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جھا کرانی اور اسسٹنٹ کمشنر ہرنائی اسرار احمد شاہوانی نے بالخصوص شرکت کی۔ ان کے علاوہ تمام سرکاری محکموں کے آفیسران، علاقے کی ممتاز سیاسی وسماجی شخصیات، معتبر قبائلی عمائدین اور مذہبی رہنماؤں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے اپنے تعاون کا یقین دلایا۔ کچہری کے دوران علاقے کے لوگوں نے تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، انفراسٹرکچر اور امن و امان سے متعلق اپنے درپیش مسائل اور درپیش مشکلات کو تفصیلاً حکام کے سامنے رکھا۔ ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی نے شہریوں کے مسائل توجہ سے سنے اور متعلقہ محکموں کے افسران کو متعدد مسائل پر موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی خدمت میں کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام جائز مطالبات کو جلد از جلد حل کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر ہرنائی نے عوام سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلعی انتظامیہ علاقے کی ترقی اور شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کی کھلی کچہریوں کا سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا تاکہ گڈ گورننس کے ثمرات عام آدمی کی دہلیز تک پہنچ سکیں۔ تقریب کے اختتام پر سیاسی و قبائلی عمائدین نے ضلعی انتظامیہ کے اس عوام دوست اقدام کی شدید سراہنا کی۔

بقیہ 14

ڈار نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا دورہ امریکہ، پنجاب اور امریکہ کے درمیان دو طرفہ تعاون، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور معاشی شراکت داری کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب کو مصنوعی ذہانت کا عالمی مرکز بنانے کیلئے بین الاقوامی شراکت داری وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کا اہم حصہ ہے۔ امریکہ کے ساتھ تعاون کے ذریعے پنجاب میں عالمی معیار کی ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری لانے کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ علی ڈار نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی پنجاب کے مستقبل کا اہم حصہ ہیں اور امریکہ کے ساتھ اس شعبے میں تعاون کو مزید آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈی آئی آف اے آئی پنجاب امریکہ کے ساتھ نالج ایکسچینج، ٹیکنالوجی پارٹنرشپس اور مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تعاون پر کام کر رہا ہے، امید ہے وزیر اعلیٰ پنجاب کے دورہ امریکہ سے پنجاب کے اے آئی ایکوسسٹم، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں مثبت پیش رفت ہوگی۔

بقیہ 15

و ربیع الاول نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت کی نسبت سے امت مسلمہ کے لیے انتہائی بابرکت اور عظیم مہینہ ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ اور بہترین نمونہ ہے، ہمیں چاہیے کہ ہم آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں اور آپ ﷺ کی تعلیمات پر صدق دل سے عمل پیرا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی دنیا میں تشریف آوری سے جہالت، ظلم، شرک اور کفر کے اندھیرے چھٹ گئے اور توحید و رسالت کا نور پوری دنیا میں پھیل گیا۔ آپ ﷺ نے انسانیت کو اخوت، مساوات، عدل، برداشت، محبت، رحم دلی اور حسن اخلاق کا درس دیا۔ آپ ﷺ نے دشمنوں کے ساتھ بھی عفو و درگزر، کمزوروں کے ساتھ شفقت، پڑوسیوں کے حقوق، یتیموں اور مسکینوں کی کفالت اور معاشرے میں انصاف و مساوات قائم کرنے کی عملی مثالیں قائم فرمائیں۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ سیرت طیبہ صرف چند واقعات کا نام نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے اپنی پوری زندگی اللہ تعالیٰ کی اطاعت، حق و صداقت، امانت و دیانت، صبر و تحمل اور انسانیت کی خدمت میں گزاری۔ اگر مسلمان حقیقی معنوں میں کامیابی اور نجات چاہتے ہیں تو انہیں قرآن کریم کی تعلیمات کے ساتھ ساتھ نبی کریم ﷺ کی سنت اور اسوہ حسنہ کو اپنی زندگیوں میں نافذ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں معاشرے کو درپیش مسائل کا حل بھی اسوہ رسول ﷺ میں موجود ہے۔ ہمیں ربیع الاول کے مبارک مہینے میں صرف محافل اور تقریبات تک محدود رہنے کے بجائے اپنے کردار و عمل کا جائزہ لینا چاہیے اور عہد کرنا چاہیے کہ ہم جھوٹ، بددیانتی، ناانصافی، نفرت اور باہمی اختلافات سے اجتناب کرتے ہوئے محبت، بھائی چارے، اتحاد اور رواداری کو فروغ دیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نبی کریم ﷺ سے سچی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ ہم آپ ﷺ کی سنت کو اپنائیں، آپ ﷺ کی تعلیمات کو عام کریں اور اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی کو سیرت طیبہ کے مطابق ڈھالیں۔ ماہ ربیع الاول ہمیں اتحاد امت، محبت رسول ﷺ اور اتباع سنت کا درس دیتا ہے، اس لیے اس بابرکت مہینے میں ہمیں ملک و قوم کی سلامتی، امن و استحکام اور امت مسلمہ کی سربلندی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کرنی چاہئیں۔

بقیہ 16

ایک حکم جاری کیا ہے، جو معلومات اور ضروری کارروائی کے لیے منسلک ہے۔ 2۔ معزز کمیشن کے حکم کی روشنی میں معلومات / شہادتیں جمع کرانے اور رجسٹریشن کے لیے مقررہ آخری تاریخ، یعنی 28.08.2026 کو دفتری اوقات کے دوران، بڑھا کر 03.09.2026 دفتری اوقات تک کر دیا گیا ہے۔ اس مدت کے دوران تمام متعلقہ افراد، خواہ براہ راست یا بالواسطہ طور پر، بشمول شہید پولیس اہلکاروں کے قانونی ورثاء / قریبی رشتہ دار، زخمی افراد، نیز عام عوام میں سے وہ تمام اشخاص جن کے پاس مذکورہ واقعہ / حملے سے متعلق کوئی معلومات موجود ہوں، بالخصوص قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار اور افسران جو مذکورہ واقعے کے وقت کسی ڈیوٹی پر مامور یا کسی بھی حیثیت سے متعلق تھے، نیز ضلعی انتظامیہ اور دیگر محکموں کے افسران، اور دیگر تمام دلچسپی رکھنے والے افراد جن کے پاس کوئی معلومات، ٹھوس مواد یا شواہد موجود ہوں یا جو کسی متعلقہ حقیقت کے بارے میں بیان ریکارڈ کرانا چاہتے ہوں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے نام اور مکمل کوائف، موجودہ و مستقل پتہ، رابطہ نمبر اور شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل کے ساتھ رجسٹرار / سیکریٹری، انکوائری کمیشن کے دفتر میں، جو احاطہ ہائی کورٹ بالی روڈ، کوئٹہ میں واقع ہے، حاضر ہو کر اپنا نام رجسٹر کروائیں، تاکہ ان کی فراہم کردہ معلومات / مواد معزز انکوائری کمیشن کے سامنے پیش کیا جاسکے۔

بقیہ 17

کے مشیر نے کہا کہ بانی کو اڈیالہ جیل سے شفا اسپتال لایا جا رہا تھا، کہ وہاں مشکوک سرگرمیاں رپورٹ ہوئیں۔ مشکوک سرگرمیاں رپورٹ ہونے پر ہی انہیں سرکاری اسپتال منتقل کیا گیا۔ انٹیلی جنس رپورٹس تھیں شفا اسپتال میں مشکلات درپیش آسکتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کا بنیادی طور پر حکم تھا کہ بانی کا ماہر ڈاکٹرز کی موجودگی میں میڈیکل چیک اپ کیا جائے۔ حکومت نے خلوص نیت سے سپریم کورٹ کے حکم پر عمل کیا ہے۔ اگر کسی جگہ پر چھوٹی موٹی کمی رہ گئی ہے تو اس کی وجوہات موجود تھیں۔ تمام تفصیلات کو عدالت میں پیش کریں گے، یقین ہے عدالت ان اقدامات کو سراہے گی۔ وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ اگر اپوزیشن جماعتیں اکٹھی ہو رہی ہیں تو حکومت کو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے، جمہوریت میں پارٹیز الائنس بناتی ہیں۔ تاہم بانی پی ٹی آئی کی سیاست میں دوسری جماعتوں سے اتحاد اور مشترکہ جدوجہد شامل نہیں اور مجھے نہیں لگتا کہ ان کے فلسفے کی موجودگی میں کوئی بھی اتحاد بن سکے۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ پی ٹی آئی اپنے بانی سے شروع ہو کر ان ہی پر ختم ہو جاتی ہے۔ پی ٹی آئی میں دوسرے یا تیسرے درجے کی لیڈر شپ نہیں بنی اور نہ ہی کسی نے بننے دی۔ ان کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو کے تحفظات دور کرنے کے لیے پی پی اور ن لیگ کی جانب سے کمیٹیاں بنائی جا چکی ہے اور ان کی ایک میٹنگ بھی ہو چکی ہے۔ جی بی اور آزاد کشمیر الیکشن کی وجہ سے جو غلط فہمیاں پیدا ہوئی ہیں انہیں دور کیا جائیگا۔ امید ہے پیپلز پارٹی ہٹ دھرمی والا رویہ نہیں اپنائے گی۔ وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹ بنانے کے طریقہ کار پر تو پارلیمنٹ یا کسی صوبائی اسمبلی میں بات نہیں ہو رہی۔ نئے انتظامی یونٹ کا موقف اپنانے سے پہلے عوامی رائے کا بھی خیال رکھا جائے۔

بقیہ 18

ے قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ امریکہ ایران کے ساتھ تمام معاشی روابط منقطع کر دے گا۔ انہوں نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے ساتھ مالی شراکت داری رکھنے والے ممالک کو بھی عالمی اقتصادی نظام سے الگ تھلگ کر دیا جائے گا۔

بقیہ 19

ئی وصوبائی حکومتیں میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اعلیٰ سطح کے قومی پروگرامز کا انعقاد کریں، میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے سیرت طیبہ، امن، رواداری اور اخوت کے فروغ کے لیے خصوصی تقریبات منعقد کیے جائیں، سرکاری و نیم سرکاری، نجی عمارات اور شاہراہوں کو چراغاں اور سجاوٹ سے آراستہ کیا جائے، تمام سرکاری، تعلیمی اور کاروباری ادارے میلاد النبی ﷺ کی تقریبات میں بھرپور شرکت کریں۔ قرارداد میں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ، خاتم النبیین کی تعلیمات کو عام کرنے پر زور دیتے ہوئے سیرت رسول ﷺ کی روشنی میں امن، رواداری، اخوت اور بھائی چارے کو فروغ دینے کا عزم کیا گیا۔ قومی اسمبلی کی قرارداد میں سنت رسول ﷺ کے فروغ اور تعلیمات نبوی ﷺ پر عمل کی تلقین کی گئی جبکہ قرارداد میں پوری قوم سے میلاد النبی ﷺ کا بابرکت موقع عقیدت، احترام اور اتحاد کے ساتھ منانے کی اپیل کی گئی۔ ایوان نے حکومت کی پیش کردہ قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی۔

بقیہ 20

رخان کی بطور ترجمان دفتر خارجہ تقرری کا نوٹیفکیشن جلد متوقع ہے۔

بقیہ 21

ن ایسے وقت میں ہوا ہے جب واشنگٹن اور تہران کے درمیان مذاکرات تعطل کا شکار ہیں اور خطے میں کشیدگی مسلسل بڑھ رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے ایک بار پھر امریکا اور ایران کے درمیان سفارتی رابطے اور جنگ کے خاتمے کے لیے ثالثی کا کردار سنبھالا ہے۔ رائٹرز کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ تہران سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے بھی ان کی گفتگو ہوئی، جس میں پاکستان سے ایران پر اپنا اثر و رسوخ استعمال کرتے ہوئے تہران کو مذاکرات کی جانب واپس لانے کی درخواست کی گئی۔ بلومبرگ نے بھی پاکستان کے آرمی چیف کے دورہ ایران کو مشرق وسطیٰ میں امن کی کوششوں کے تناظر میں نمایاں کیا ہے۔ بلومبرگ کی تازہ کوریج میں دورے کو ایران اور امریکا کے درمیان جاری بحران کے دوران پاکستان کی بڑھتی ہوئی سفارتی سرگرمیوں کا حصہ قرار دیا گیا ہے۔ عالمی میڈیا کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کا براہ راست اثر عالمی توانائی اور تجارت پر پڑ رہا ہے۔ آبنائے ہرمز میں کشیدگی کے باعث تیل کی ترسیل اور عالمی توانائی سپلائی کو خطرات لاحق ہیں، جبکہ خطے میں طویل جنگ کے خدشات نے عالمی منڈیوں میں بھی بے یقینی پیدا کر دی ہے۔ پاکستانی کوششوں کی اہمیت اس امر سے بھی واضح ہوتی ہے کہ موجودہ صورتحال میں اسلام آباد واشنگٹن اور تہران دونوں کے ساتھ رابطے رکھنے کی پوزیشن میں ہے۔ پاکستان اس سے قبل بھی دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات اور کشیدگی کم کرنے کے لیے سفارتی کردار ادا کر چکا ہے۔ دریں اثنا وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ تہران میں ہونے والی اعلیٰ سطحی بات چیت میں کشیدگی کم کرنے، خطے میں مزید تصادم روکنے، آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے اور جنگ کے جلد خاتمے کے حوالے سے اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ موجودہ صورتحال میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران پاکستان کی فعال سفارتکاری اور خطے میں امن کے لیے اسلام آباد کے کردار کو اجاگر کر رہا ہے، جبکہ عالمی سطح پر بھی پاکستان کی کوششوں کو خطے کے استحکام اور عالمی معیشت کو مزید نقصان سے بچانے کے تناظر میں اہم سمجھا جا رہا ہے۔

بقیہ 22

ہے وہ اپنی تمام توانائیاں اس حکومت کے لئے صرف کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی کو اس بات پر شک ہے تو وہ اپنی کسوٹی پر اسے پرکھ سکتا ہے۔ اختیار ولی خان کے مطابق محسن نقوی اپنی تمام صلاحیتیں اور توانائیاں پاکستان، ریاست اور حکومت کے استحکام کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر نے کہا کہ محسن نقوی کے کردار اور حکومتی امور میں ان کی خدمات کے حوالے سے کوئی دوسری رائے نہیں ہونی چاہیے اور وہ حکومت کے لیے بھرپور انداز میں کام کر رہے ہیں۔

بقیہ 23

میں گے، دنیا کے 172 ممالک کی آبادی صوبہ پنجاب سے کم ہے

بقیہ 24

ہی سخت حالات میں روزگار کماتے ہیں ایسے رویے انہیں ذہنی دباؤ کا شکار کر رہے ہیں اور بعض افراد انتہائی قدم اٹھانے پر مجبور ہو جاتے ہیں جمال شاہ کاکڑ نے سندھ پولیس سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز کے ساتھ رویہ درست کیا جائے اور انہیں بلاوجہ ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے انہوں نے وزیر ریلوے کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے کئی لنک راستے اکثر بند رہتے ہیں جبکہ صوبے میں ٹرین سروس بھی موثر انداز میں فعال نہیں جس کی وجہ سے بلوچستان کے عوام کو آمد ورفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ عام شہری فضائی سفر کے اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے اس لیے بلوچستان کے عوام کے لیے سڑک اور ریلوے کے سفری ذرائع کو محفوظ، فعال اور قابل اعتماد بنانا ضروری ہے جمال شاہ کاکڑ نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے عوام اور روزگار کے لیے سفر کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور بین الصوبائی راستوں پر انہیں درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے۔

بقیہ 25

مین کا ہے، کوئی حکومت سپریم کورٹ کے حکم پر عمل درآمد سے انکار نہیں کر سکتی۔ سینیٹ اجلاس میں علی ظفر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کوئی حکومت سپریم کورٹ کے حکم پر عمل درآمد سے انکار نہیں کر سکتی، ہم نے حلف لیا ہے کہ آئین کی پاسداری کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کہتا ہے کہ حکومت نے سپریم کورٹ کے حکم پر عملدرآمد کرنا ہے، اگر سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل نہیں کریں گے تو توہین عدالت کی سزا ہو سکتی ہے۔ سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ سپریم کورٹ نے حکم دیا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو شفا ہسپتال لے جایا جائے اور میڈیکل بورڈ تشکیل دیا جائے، عدالت نے فیصلے پر عملدرآمد کی ہدایت بھی کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو شفا ہسپتال نہیں لے جایا گیا اور میڈیکل بورڈ بھی تشکیل نہیں دیا گیا، سیکیورٹی ایشو ایک بہانہ ہے، سپریم کورٹ کے حکم کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔ علی ظفر کے مطابق حکومت نے سپریم کورٹ کے آرڈر کو خود تبدیل کر دیا، بانی پی ٹی آئی سے سیاسی اختلاف ہوسکتا ہے، لیکن کسی کی صحت سے نہیں کھیلنا چاہیے اور بانی پی ٹی آئی کی صحت پر سیاست نہیں کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت کو عدالت کا فیصلہ غلط لگتا ہے تو وہ عدالت سے رجوع کر سکتی ہے، لیکن حکومت خود عدالت کے فیصلے کو تبدیل نہیں کر سکتی۔ سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ اگر اصول یہ مان لیا جائے کہ جو فیصلہ پسند نہ آئے اس پر عمل نہیں کریں گے تو پھر کوئی نظام نہیں چل سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ میں عدالت کی بالادستی سے متعلق قرارداد پیش کرنا چاہتے تھے، تاہم حکومت نے قرارداد پر دستخط نہیں کیے۔ قرارداد میں کہا گیا تھا کہ حکومت سپریم کورٹ کے فیصلے کو تسلیم کرتی ہے۔ علی ظفر نے سوال کیا کہ حکومت آئین کے تابع ہے یا آئین حکومت کے تابع ہے؟ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کرتی ہے تو ہم اس کا خیر مقدم کریں گے۔

بقیہ 26

اسرائیلی ٹی وی چینل کو ٹیلی فونک انٹرویو دیتے ہوئے یہ دعویٰ کیا، تاہم انہوں نے مبینہ حملے یا اس کے ہدف بننے والے بیٹے کے بارے میں مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ اسرائیلی وزیر اعظم نے اپنے بیٹوں اور اہلیہ کو فراہم کی جانے والی سیکیورٹی کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ ان کے ایک بیٹے کو ایران کی جانب سے قتل کرنے کی کوشش کی گئی تھی، اس لیے خاندان کو سیکیورٹی فراہم کرنا کوئی عیاشی نہیں ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق نیتن یاہو کا یہ بیان ممکنہ طور پر اسرائیلی سیکیورٹی ایجنسی شن بیت کے ساتھ ہونے والے اس معاہدے کے دفاع کے لئے دیا گیا ہے، جس کے تحت نیتن یاہو کے بیٹوں اور اہلیہ کو کم از کم پانچ سال تک سیکیورٹی فراہم کی جائے گی، چاہے وہ آئندہ انتخابات میں کامیاب نہ بھی ہوں۔ تاہم فی الحال یہ واضح نہیں کیا گیا کہ نیتن یاہو کے کس بیٹے کو مبینہ طور پر قتل کرنے کی کوشش کی گئی۔ نیتن یاہو کے ایک بیٹے اونر اسرائیل میں رہتے ہیں، جبکہ دوسرے بیٹے یائر نے گزشتہ چند برسوں کا زیادہ تر وقت امریکا میں گزارا ہے۔ نیتن یاہو کا یہ دعویٰ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران اور اسرائیل کے درمیان شدید کشیدگی جاری ہے اور دونوں جانب سے ایک دوسرے کے خلاف سخت بیانات اور الزامات کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اسرائیلی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق نیتن یاہو کے خاندان کو اضافی سیکیورٹی فراہم کرنے کا معاملہ پہلے ہی زیر بحث تھا۔ تاہم ایرانی حکومت کی جانب سے نیتن یاہو کے بیٹے کو نشانہ بنانے کی مبینہ کوشش کے حوالے سے اس دعوے کی مزید تفصیلات یا آزادانہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔ 26

بقیہ 27

نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر عدالت کی معاونت کیلئے طلب کر لیا، کیس کی مزید سماعت 31 اگست کو ہوگی۔ تحریری حکم نامے کے مطابق عدالت نے استفسار کیا ہے کیا جے آئی ٹی تشکیل دینے کیلئے عدالت براہ راست ہدایت جاری کر سکتی ہے؟ کیا عدالت تفتیش اور رپورٹ جمع کرانے کے عمل کو تبدیل یا اس کی نگرانی کر سکتی ہے؟ سندھ ٹریبونلز آف انکوائری آرڈیننس 1969 کے تحت گزٹ نوٹیفکیشن کے بغیر مداخلت کا کیس بنتا ہے؟ میر رضا کی فیملی کی جانب سے دائر درخواست میں موقف اپنایا گیا تھا کہ میر رضا کی گمشدگی اور ہلاکت کا مقدمہ تھانہ فیروز آباد میں درج ہے، جائے وقوعہ بروقت محفوظ نہ ہونے سے تفتیش متاثر ہوئی، گواہوں کے بیانات بروقت قلمبند نہیں کیے گئے، الیکٹرانک ڈیوائسز کی مناسب جانچ اور معائنہ نہیں کیا گیا، مبینہ طور پر وقت سے پہلے خودکشی کا بیانیہ اپنایا اور پھیلایا گیا۔ درخواست گزار نے کہا کہ میڈیکولیگل ریکارڈ میں نمایاں تبدیلی آئی، پولیس سرجن نے ابتدائی پوسٹ مارٹم میں نقائص کی نشاندہی کی، پولیس سرجن نے قبر کشائی کی سفارش کی تھی، اسپیشل میڈیکل بورڈ نے قبر کشائی کے بعد لاش کا معائنہ کیا، میڈیکل بورڈ کے نتائج خودکشی کے پہلے بیانیے کے منافی تھے۔ حتمی پوسٹ مارٹم اور کیمیائی معائنے کی رپورٹ نے خودکشی کے امکان کو مسترد کر دیا۔ درخواست کے مطابق سابق تفتیشی ٹیم کے ارکان کے طرز عمل پر سنگین الزامات سامنے آئے، شواہد کی غلط دیکھ بھال یا ضائع ہونے کے الزامات بھی سامنے آئے، درخواست گزاروں کے بیانات بھی کافی تاخیر سے قلمبند کیے گئے، موجودہ تفتیشی ٹیم اب تک کسی ملزم کی نشاندہی نہیں کر سکی، 24 اگست کو چالان جمع کرانے کیلئے مزید وقت مانگا گیا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ معاملے کی آزادانہ اور جامع تفتیش کیلئے جے آئی ٹی تشکیل دی جائے، جے آئی ٹی میں ایسے افسران شامل کیے جائیں جن کا کیس سے پہلے کوئی تعلق نہ ہو۔ عدالت نے کہا کہ یہ عدالت اس معاملے میں جے آئی ٹی بنانے کا حکم دے سکتی ہے یا نہیں یہ دیکھا جائے گا، کیا یہ عدالت تفتیش کے حوالے سے کیسے گئے احکامات دے سکتی ہے اس پر بھی غور کیا جائے گا۔

بقیہ 28

صدر نے تمام خدشات کو نظرانداز کر کے ایران پر حملے کا فیصلہ کیا۔ اخبار کی رپورٹ کے مطابق امریکی فوج اور انٹیلی جنس حکام نے کہا تھا ایران جنگ کے سنگین نتائج نکل سکتے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے تمام خدشات کو نظرانداز کرتے ہوئے ایران پر حملے کا فیصلہ کیا۔ جے ڈی وینس نے صدر کو بتایا تھا کہ ایران مذاکرات کے ذریعے اپنا جوہری پروگرام ترک کر سکتا ہے، 6 ماہ بعد جنگ ختم ہونے کے بجائے امریکا نے پابندیوں کی حکمت عملی اختیار کر لی، فوجی اور سفارتی کوششوں کے بعد صدر ٹرمپ کو اب معاشی جنگ سے امیدیں وابستہ ہیں۔ دوسری جانب ترجمان وائٹ ہاؤس کے مطابق ایران کے لئے بہتر ہے کہ وہ معاہدہ کرے۔ ورنہ اسے سخت نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 29

یشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین سے ان کے دفتر میں ایک خاص ملاقات کی، جس میں اسسٹنٹ کمشنر کھوسٹ محمد اسرار شاہوانی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران جی ڈی اے پی کے رہنماؤں نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد سلیم ترین کی شاندار عوامی خدمات، بہترین رویے اور فرض شناسی کو زبردست الفاظ میں سراہا صدر صاحب جان ترین کا کہنا تھا کہ اے ڈی سی سلیم ترین کے دفتر میں آنے والے ہر سائل کو مکمل عزت و احترام دیا جاتا ہے۔ ان کی نرم گفتاری اور شائستہ رویہ عوام کے دل جیت رہا ہے، رہنماؤں نے کہا کہ محمد سلیم ترین علاقے کے پیچیدہ قبائلی اور عوامی مسائل سے نہ صرف بخوبی واقف ہیں، بلکہ ان کے حل کے لیے فوری اور عملی اقدامات یقینی بناتے ہیں جی ڈی اے پی کے وفد نے ان کے مسئلہ حل کرنے کے جذبے کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی اسی خلوص اور جذبے کے ساتھ عوام کی خدمت کا سفر جاری رکھیں گے۔

بقیہ 30

کو صحت کی سہولیات ان کی دہلیز تک پہنچانے کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی نے بی ایچ یو سہر اور بی ایچ یو دام کا مانیٹرنگ دورہ کیا، جہاں انہوں نے بنیادی مراکز صحت کی معمول کی سرگرمیوں، عملے کی حاضری اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ادویات کے اسٹاک، کولڈ چین، سروس ڈیلیوری، ڈیٹا کے معیار اور عملے کی کارکردگی کا معائنہ کیا، جبکہ طبی عملے کو مؤثر خدمات کی فراہمی مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری رہنمائی بھی فراہم کی۔ ڈاکٹر مرشد دشتی نے مراکز صحت میں درپیش مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے موقع پر ہی متعلقہ امور کے حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں

بقیہ 31

مپ تھے جس میں کرائس کے ذریعے ان تک رسائی حاصل کرنے کی مبینہ کوششوں، نگرانی، آن لائن سرگرمیوں اور ان کے اردگرد موجود افراد سے متعلق معلومات دکھائی گئیں۔ رپورٹ میں مبینہ طور پر بیرن ٹرمپ کے سوشل روابط کا پتا لگانے اور امریکی خفیہ سروس کی سیکیورٹی کے حصار تک پہنچنے کی کوششوں کا بھی ذکر کیا گیا۔ رپورٹ کے اختتام پر مبینہ طور پر ایک کروڑ ڈالر کے انعام کا ذکر بھی کیا گیا اور کہا گیا کہ بہت سے لوگ یہ رقم حاصل کرنے کے لیے تیار ہو سکتے ہیں۔ امریکی صدر اور ان کے اہل خانہ سے متعلق اس نوعیت کا مواد اس سے قبل بھی ایرانی میڈیا میں سامنے آچکا ہے، مگر تازہ نشریات میں براہ راست ٹرمپ کے بیٹے کو موضوع بنائے جانے کو دھمکی آمیز بیانیے میں ایک نمایاں تبدیلی قرار دیا جا رہا ہے۔ امریکی حکام ماضی میں ایران سے منسلک افراد پر ڈونلڈ ٹرمپ اور دیگر سابق امریکی عہدیداروں کے قتل کی سازشوں کے الزامات بھی عائد کر چکے ہیں۔ امریکی پراسیکیوٹرز نے 2024 میں بھی دعویٰ کیا تھا کہ ایران کی جانب سے ایک شخص کو ٹرمپ کے قتل کا منصوبہ تیار کرنے کی ذمہ داری دی گئی تھی۔ واضح رہے کہ سرکاری ٹی وی کی رپورٹ میں کیے گئے ان دعوؤں کی آزادانہ تصدیق نہیں ہو سکی جبکہ نشریات میں بھی اس بات کا کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا کہ بیرن ٹرمپ تک پہنچنے کی کوئی کوشش کامیاب ہوئی ہے۔

بقیہ 32

مپ تھے جس میں کرائس کے ذریعے ان تک رسائی حاصل کرنے کی مبینہ کوششوں، نگرانی، آن لائن سرگرمیوں اور ان کے اردگرد موجود افراد سے متعلق معلومات دکھائی گئیں۔ رپورٹ میں مبینہ طور پر بیرن ٹرمپ کے سوشل روابط کا پتا لگانے اور امریکی خفیہ سروس کی سیکیورٹی کے حصار تک پہنچنے کی کوششوں کا بھی ذکر کیا گیا۔ رپورٹ کے اختتام پر مبینہ طور پر ایک کروڑ ڈالر کے انعام کا ذکر بھی کیا گیا اور کہا گیا کہ بہت سے لوگ یہ رقم حاصل کرنے کے لیے تیار ہو سکتے ہیں۔ امریکی صدر اور ان کے اہل خانہ سے متعلق اس نوعیت کا مواد اس سے قبل بھی ایرانی میڈیا میں سامنے آچکا ہے، مگر تازہ نشریات میں براہ راست ٹرمپ کے بیٹے کو موضوع بنائے جانے کو دھمکی آمیز بیانیے میں ایک نمایاں تبدیلی قرار دیا جا رہا ہے۔ امریکی حکام ماضی میں ایران سے منسلک افراد پر ڈونلڈ ٹرمپ اور دیگر سابق امریکی عہدیداروں کے قتل کی سازشوں کے الزامات بھی عائد کر چکے ہیں۔ امریکی پراسیکیوٹرز نے 2024 میں بھی دعویٰ کیا تھا کہ ایران کی جانب سے ایک شخص کو ٹرمپ کے قتل کا منصوبہ تیار کرنے کی ذمہ داری دی گئی تھی۔ واضح رہے کہ سرکاری ٹی وی کی رپورٹ میں کیے گئے ان دعوؤں کی آزادانہ تصدیق نہیں ہو سکی جبکہ نشریات میں بھی اس بات کا کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا کہ بیرن ٹرمپ تک پہنچنے کی کوئی کوشش کامیاب ہوئی ہے۔

بقیہ 33

الحق حاجی محمد سلیمان جنگ قاری شاہ محمد مولانا مفتی عبدالوہاب حافظ عبدالحق ریگی سینئر نائب امیر مولانا محمد صادق نائب امیر مولانا عبدالمنان سعادت نائب امیر سوئم مولانا عبدالباقی مظہری نائب امیر چہارم مولانا مفتی حسین احمد سرپرست مولانا حافظ محی الدین مولانا محمد قاسم مولانا مفتی عبداللہ مولانا عبدالواسع مولانا حافظ ولی محمد ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا مفتی دین ڈپٹ جنرل سیکرٹری دوئم مولانا امین اللہ امین ڈپٹی جنرل سیکرٹری سوئم مولانا عبد الرحیم ڈپٹی جنرل سیکرٹری چہارم مولانا مفتی عبدالستار سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ عین اللہ صابر ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ ہدایت اللہ سبحانی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات سوئم مولانا حافظ فدا محمد ناظم مالیات مولانا عبدالعلی رخشانی مولانا شیر محمد حقانی مولانا مفتی محمد سلیمان فاروقی مولانا قاری عبد الخالق حاجی ولی محمد عرف طور جان حاجی محمد نعیم لالا سالار صلاح الدین عبدالعلی ترین نور محمد نصراللہ جنگ حافظ حبیب اللہ سید گل محمد آغا شاہ محمد پہلوان نے کہا کہ اسلام آباد میں ایک قادیانی نواز خاتون ڈاکٹر فرزانہ باری کے جانب سے ناموس رسالت ﷺ قانون کے خلاف پریس کانفرنس کی ردعمل میں کہا کہ ناموس رسالت ﷺ قانون پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے پاکستان میں قادیانیوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے حکومت فوری طور پر ڈاکٹر فرزانہ باری کو گرفتار کر کے آئین وقانون کے مطابق سخت سزا دی جائے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر فرزانہ باری کے گستاخانہ پریس کانفرنس سے اہل اسلام کا دل آزاری ہوئی ہے یہ ملک لاکھوں مسلمانوں کی 0 قربانیوں کے بعد کلمہ طیبہ اور اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا، اور اس کی ہر ایک اینٹ کے پیچھے آقا دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اور عقیدت شامل ہے۔ اس سرزمین پر بیٹھ کر جو لوگ اسلام مخالف ایجنڈے پر عمل کرتے ہیں اور ناموس رسالت کے قانون کے خلاف زہر اگلتے ہیں انہیں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ اس ملک کا بچہ بچہ اپنے نبی کی عزت وناموس پر پہرہ دینا جانتا ہے لبرل سوچ رکھنے والے اور مغرب کی گود میں بیٹھ کر پاکستان کو بدنام کرنے والے عناصر سن لیں! اگر تمہیں اس ملک کے نظریات، یہاں کے قوانین اور اس کی اسلامی شناخت سے اتنی ہی تکلیف ہے تو تمہیں اس پاک دھرتی پر رہنے کا کوئی حق نہیں۔ جو لوگ مغرب کے اشاروں پر ناچتے ہیں اور اپنے آقاؤں کی خوشنودی کے لیے اسلام کے خلاف سازشیں کرتے ہیں، وہ اپنا بوریا بستر گول کریں اور سیدھے اپنے انہی آقاؤں کی گود میں جا کر بیٹھ جائیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے غیور عوام اس ملک کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کے بھی محافظ ہیں اور تاجدار ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت وآبرو کے پہلے پہرے دار بھی ہیں۔ یہاں رہ کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ناموس کے خلاف بات کرنے والوں کے لیے اس دھرتی پر کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اگر مسئلہ ہے تو اس ملک سے دفع ہو جاؤ، کیونکہ اس پاک سرزمین پر صرف اور صرف اسلام اور ناموس رسالت کا پرچم ہی بلند رہے گا انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان ملک گیر تحفظ ختم نبوت ﷺ کے دفاع کے لیے ملین مارچ کا اعلان کریں۔

بقیہ 34

کہ اہل خانہ تاحال پریشان ہیں، یقین دہانیوں کے بجائے عملی اقدامات کیے جائیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ قزاقوں کو تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی، عالمی قوانین ہیں کہ مغویوں کو تاوان دے کر نہیں چھڑوا سکتے، قزاقوں کو اس طرح پیسے ملنے شروع ہو گئے تو وہ یہی کام جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قزاقوں کے ہاتھوں پھنسے 10 پاکستانیوں کی رہائی کے لیے کوششیں کر رہے ہیں جن کی تفصیلات ابھی نہیں بتائی جاسکتیں، کوشش ہے کسی بھی طریقے سے ملاحوں کو چھڑوا لیا جائے۔

بقیہ 35

بیرون ملک منتقل ہو چکے ہیں اور غیر ملکی کرنسی میں خطیر رقم بطور پنشن وصول کر رہے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق حکومت پاکستان ان ریٹائرڈ افسران کو سالانہ 34 کروڑ 21 لاکھ روپے کی ادائیگی کرتی ہے، جو کہ براہ راست متعلقہ غیر ملکی کرنسی میں منتقل کی جاتی ہے۔ اقتصادی ماہرین کے مطابق یہ انکشاف ملک میں افسر شاہی کے مالی معاملات اور مراعات کے حوالے سے ایک نئی بحث کو جنم دے رہا ہے۔ مزید برآں کئی ممالک میں رہائش پذیر دیگر ریٹائرڈ افسران کو ملکی کرنسی میں بھی پنشن کی ادائیگی کا سلسلہ جاری ہے، تاہم وزارت خارجہ کے پاس ان تمام افسران کی مکمل تفصیلات موجود نہیں ہیں جو ملکی کرنسی میں پنشن وصول کر رہے ہیں، جس سے ڈیٹا کی فراہمی میں ابہام پیدا ہوا ہے۔ ملک کو درپیش معاشی بحران کے دوران سرکاری خزانے سے بیرون ملک مقیم ریٹائرڈ افسران کو خطیر رقوم کی ادائیگی خصوصاً غیر ملکی کرنسی میں ادائیگی پر عوامی سطح پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔

بقیہ 01

الحق حاجی محمد سلیمان جنگ قاری شاہ محمد مولانا مفتی عبدالوہاب حافظ عبدالحق ریگی سینئر نائب امیر مولانا محمد صادق نائب امیر مولانا عبدالمنان سعادت نائب امیر سوئم مولانا عبدالباقی مظہری نائب امیر چہارم مولانا مفتی حسین احمد سرپرست مولانا حافظ محی الدین مولانا محمد قاسم مولانا مفتی عبداللہ مولانا عبدالواسع مولانا حافظ ولی محمد ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا مفتی دین ڈپٹ جنرل سیکرٹری دوئم مولانا امین اللہ امین ڈپٹی جنرل سیکرٹری سوئم مولانا عبد الرحیم ڈپٹی جنرل سیکرٹری چہارم مولانا مفتی عبدالستار سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ عین اللہ صابر ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ ہدایت اللہ سبحانی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات سوئم مولانا حافظ فدا محمد ناظم مالیات مولانا عبدالعلی رخشانی مولانا شیر محمد حقانی مولانا مفتی محمد سلیمان فاروقی مولانا قاری عبد الخالق حاجی ولی محمد عرف طور جان حاجی محمد نعیم لالا سالار صلاح الدین عبدالعلی ترین نور محمد نصر اللہ جنگ حافظ محب اللہ سید گل محمد آغا شاہ محمد پہلوان نے کہا کہ اسلام آباد میں ایک قادیانی نواز خاتون ڈاکٹر فرزانہ باری کے جانب سے ناموس رسالت ص قانون کے خلاف پریس کانفرنس کی ردعمل میں کہا کہ ناموس رسالت ص قانون پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے پاکستان میں قادیانیوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے حکومت فوری طور پر ڈاکٹر فرزانہ باری کو گرفتار کرکے آئین وقانون کے مطابق سخت سزا دی جائے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر فرزانہ باری کے گستاخانہ پریس کانفرنس سے اہل اسلام کا دل آزاری ہوئی ہے یہ ملک لاکھوں مسلمانوں کی 0 قربانیوں کے بعد کلمہ طیبہ اور اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا، اور اس کی ہر ایک اینٹ کے پیچھے آقا دو جہاں حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اور عقیدت شامل ہے۔ اس سرزمین پر بیٹھ کر جو لوگ اسلام مخالف ایجنڈے پر عمل کرتے ہیں اور ناموس رسالت کے قانون کے خلاف زہر اگلتے ہیں انہیں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ اس ملک کا بچہ بچہ اپنے نبی کی عزت وناموس پر پہرہ دینا جانتا ہے یہ لبرل سوچ رکھنے والے اور مغرب کی گود میں بیٹھ کر پاکستان کو بدنام کرنے والے عناصرن لیں اگر تمہیں اس ملک کے نظریات، یہاں کے قوانین اور اس کی اسلامی شناخت سے اتنی ہی تکلیف ہے تو تمہیں اس پاک دھرتی پر رہنے کا کوئی حق نہیں۔ جو لوگ مغرب کے اشاروں پر ناچتے ہیں اور اپنے آقاؤں کی خوشنودی کے لیے اسلام کے خلاف سازشیں کرتے ہیں، وہ اپنا بوریا بستر گول کریں اور سیدھے اپنے انہی آقاؤں کی گود میں جا کر بیٹھ جائیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے غیور عوام اس ملک کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کے بھی محافظ ہیں اور تاجدار ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت وآبرو کے پہلے پہرے دار بھی ہیں۔ یہاں رہ کر حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی ناموس کے خلاف بات کرنے والوں کے لیے اس دھرتی پر کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اگر مسئلہ ہے تو اس ملک سے دفع ہو جاؤ، کیونکہ اس پاک سرزمین پر صرف اور صرف اسلام اور ناموس رسالت کا پرچم ہی بلند رہے گا انہوں نے کہا کہ قاید جمعیت مولانا فضل الرحمان ملک گیر تحفظ ختم نبوت ص کے دفاع کے لیے ملین مارچ کا اعلان کریں۔

بقیہ 02

میں کوئی اور دیگر ضروری اقدامات کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو ہدایت کی کہ ضلع بھر کے تمام سرکاری سکولوں کی روزانہ کی بنیاد پر مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے اور اساتذہ کی حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ غیر حاضر اساتذہ کے ساتھ کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے تمام اساتذہ کو اپنی حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ خلاف ورزی کی صورت میں قواعد و ضوابط کے مطابق سخت تکمانہ وقانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 03

ہفتہ 12 ربیع الاول سے مذہبی جوش وجذبے اور ایمانی عقیدت کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ طارق جعفری نے باور کرایا کہ تحریک کی وحدت واخوت کمیٹی کے نعت خوان میلاد کے جلوسوں میں شرکت کرکے گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔ انہوں نے اس عہد کا اظہار کیا کہ عشق رسول کے جذبے سے وطن کو امن کا گہوارہ بنانے کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ طارق جعفری نے باور کرایا کہ محسن انسانیت حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انسانیت کے لیے رحمت بن کر تشریف لائے، جنگی پاکیزہ سیرت سراپا امن وسلامتی ہے جبکہ دنیا بھر میں ہونے والی بدامنی، دہشت گردی سیرت رسول، قرآن پاک، قرآنی تعلیمات، اہلبیت اطہار اور پاکیزہ صحابہ کبار کی تعلیمات سے دوری کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا پیغام محمدی کو عام کرکے دنیا بھر سے دہشت گردی کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے، اس مقصد کے لیے پوری قوم کے متفقہ نیشنل ایکشن پلان کی تمام شقوں پر ارباب اقتدار موثر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ حضور اکرم کی برکت سے جاہلیت کے اندھیروں میں بھٹکے انسانوں کو آبرومندی کے ساتھ جینے کا شعور آگیا۔ طارق جعفری نے اس عہد کا اظہار کیا کہ میلاد النبی اور عزاداری عبادتوں کی روح ہیں، ان پاکیزہ جلوسوں اور وطن عزیز پاکستان کی آبرو پر مثالی سنی شیعہ اتحاد و یکجہتی سے ہرگز کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔

بقیہ 04

صدارت خلیفہ سائیں فقیر محمد طاہری نے کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جس کے بعد کراچی سے تشریف لائے خصوصی مہمان نعت خوان عبدالحمید طاہری اور محمد فہیم طاہری نے بارگاہ رسالت ﷺ میں عقیدت ومحبت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے خوبصورت انداز میں نعت خوانی کی۔ جلسہ سے خطاب حضرت علامہ مولانا مفتی سکندر علی انگاریہ طاہری نے کیا۔ جبکہ خصوصی خطاب شیریں زباں فاضل نوجوان حضرت علامہ مولانا حافظ مفتی غلام حسین طاہری نقشبندی نے کیا۔ انہوں نے میلاد النبی ﷺ کے موضوع پر ایمان افروز اور مدلل خطاب کرتے ہوئے حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ اور آپ ﷺ سے محبت وعقیدت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں خلیفہ سائیں فقیر محمد طاہری نے حاضرین کو مراقبہ کروایا۔ جبکہ پروگرام کے اختتام پر حضرت علامہ مولانا دوست علی طاہری نے صلوۃ وسلام اور دعائے خیر کروائی۔ اختتام پر شرکائے محفل اور مہمانان گرامی میں لنگر تقسیم کیا گیا۔ جبکہ جشن میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے اپنے گھروں کو خوبصورت انداز میں سجانے والے تین خوش نصیبوں میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر منتظمین نے اعلان کیا کہ آئندہ بھی بالخصوص شکر گوٹھ میں حضور اکرم ﷺ کی آمد باسعادت کی خوشی میں گھروں کو سجانے والے افراد کی حوصلہ افزائی کے لیے انعامات دیے جائیں گے۔ بھاگ، ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے غریب اور متوسط طبقہ شدید پریشا حکومت جان بچانے والی ادویات سستی کرے، شہریوں کا مطالبہ بھاگ (یو این اے) ادویات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ علاج معالجہ پہلے ہی مہنگا ہونے کے بعد بیماری کی صورت میں ادویات کی خریداری عام ادمی کے لیے اضافی مالی بوجھ بن گئی ہے بھاگ شہر اور گرد ونواح کے شہریوں نے ادویات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے شہریوں کا کہنا ہے ایک طرف مہنگائی نے گھریلو بجٹ کو شدید متاثر کر رکھا ہے تو دوسری جانب مختلف بیماریوں میں استعمال ہونے والی ادویات کی قیمتوں میں اضافے نے مریضوں اور ان کے اہل خانہ کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے عوامی حلقوں کے مطابق خصوصا ایسے مریض جو مستقل ادویات پر ادویات استعمال کرتے ہیں ان کے ماہانہ اخراجات میں نمایاں اضافہ ہو چکا ہے محدود آمدنی رکھنے والے افراد کے لیے گھر کے بنیادی اخراجات پورے کرنا بہت ہی مشکل ہو چکا ہے جبکہ ڈاکٹر کی فیس ٹیسٹوں کے اخراجات اور مہنگی ادویات کی خریداری نے علاج معالجہ مزید مشکل بنا دیا ہے شہریوں نے متعلق حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ادویات کی قیمتوں میں اضافے کا فوری نوٹس لیا جائے اور ضروری جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں کو عام ادمی کی قوت خرید کے مطابق رکھنے کے لیے بہتر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 05

مقررین نے ماں کے دودھ کو بچے کے لیے قدرتی، مکمل اور بہترین غذا قرار دیتے ہوئے اس کے طبی فوائد اور بچوں کی جسمانی وذہنی نشوونما میں اس کے اہم کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ ماں کا دودھ بچے کو مختلف بیماریوں اور انفیکشنز سے محفوظ رکھنے میں معاون ثابت ہوتا ہے جبکہ اس سے بچے کی قوت مدافعت بھی مضبوط ہوتی ہے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے کہا کہ ماں کا دودھ قدرت کی جانب سے نومولود بچے کے لیے بہترین تحفہ ہے، جس کی اہمیت سے کسی صورت انکار نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ صحت مند معاشرے کی بنیاد صحت مند بچوں سے قائم ہوتی ہے، اس لیے ماؤں میں ماں کے دودھ کی اہمیت اور اس کے فوائد کے حوالے سے بھرپور آگاہی پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں کا دودھ بچے کی ابتدائی نشوونما کے لیے انتہائی ضروری ہے اور اس کے استعمال سے بچوں کی صحت بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ مختلف بیماریوں سے بچاؤ میں بھی مدد ملتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ عوام بالخصوص خواتین میں اس حوالے سے مزید شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی مہمات اور سیمینارز کا سلسلہ جاری رکھا جائے تاکہ ہر ماں اپنے بچے کو ماں کے دودھ کی نعمت سے بھرپور فائدہ پہنچا سکے۔ سیمینار کے اختتام پر شرکاء نے ماں کے دودھ کی اہمیت کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ 06

کی لپیٹ میں ہے، بین الصوبائی شاہراہیں اور اہم قومی وعلاقائی گزرگاہیں سنسان اور غیر محفوظ ہو چکی ہیں، جبکہ جرائم پیشہ عناصر اور دہشت گرد ریاستی رٹ کو کھلے عام چیلنج کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو اس تباہ کن صورتحال تک پہنچانے میں سرینا ہوٹل کے منصوبہ سازوں اور ان کے پس پردہ قوتوں کا کردار بھی تاریخ کے کٹہرے میں کھڑا ہے؛ یہ وہ منصوبہ ساز ہیں جو ہر دور میں بلوچستان کے سیاسی، جمہوری اور عوامی اختیار کو کمزور کرکے صوبے کو محرومی، بدامنی اور انتشار کی طرف دھکیلنے کی پالیسیوں کا حصہ رہے ہیں۔ محلاتی سازشوں، اقتدار کے غیر شفاف بندوبست اور عوامی مینڈیٹ کو نظرانداز کرنے کی روش نے بلوچستان میں حکومتی رٹ کو کمزور، سیاسی اداروں کو بے وقار اور عوام کے اعتماد کو مجروح کیا ہے۔ آج صوبہ جس شورش، بے یقینی اور خوف کی کیفیت سے گزر رہا ہے، وہ اچانک پیدا نہیں ہوئی بلکہ برسوں کی غلط پالیسیوں، سیاسی انجینئرنگ، غیر مؤثر حکمرانی اور عوامی حقوق سے مسلسل انحراف کا نتیجہ ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ جس انفراسٹرکچر اور ترقیاتی بنیاد کو گزشتہ ادوار میں بڑی محنت سے تعمیر کیا گیا تھا، بدامنی اور تخریب کاری نے اسے بھی شدید نقصان پہنچایا، اور بلوچستان کو دوبارہ نوے کی دہائی جیسے تاریک، پرتشدد اور غیر یقینی دور کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرینا ہوٹل میں بیٹھ کر بلوچستان کے مستقبل کے فیصلے کرنے والے منصوبہ سازوں کو سمجھنا ہوگا کہ صوبہ کسی محلاتی تجربہ گاہ کا نام نہیں، یہاں لاکھوں انسان بستے ہیں جنہیں امن، عزت، روزگار، انصاف اور سیاسی اختیار کا حق حاصل ہے۔ بلوچستان کو بندوق، سازش اور مصنوعی سیاسی بندوبست کے ذریعے نہیں بلکہ آئین، جمہوریت، عوامی مینڈیٹ، مذاکرات اور انصاف کے ذریعے ہی مستحکم کیا جاسکتا ہے۔ ریاست اگر واقعی بلوچستان میں امن چاہتی ہے تو اسے محلاتی سازشوں اور سیاسی انجینئرنگ کا راستہ ترک کرکے عوام کے حقیقی نمائندوں کو اعتماد میں لینا ہوگا، حکومتی رٹ بحال کرنا ہوگی اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو اولین ترجیح دینا ہوگی۔ جمعیت علما اسلام بلوچستان کے عوام کو اس مشکل گھڑی میں ہرگز تنہا نہیں چھوڑے گی اور صوبے کے آئینی، سیاسی، جمہوری اور بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی غیر متزلزل جدوجہد ہر سطح پر جاری رکھے گی

بقیہ 07

بیرون ملک منتقل ہو چکے ہیں اور غیر ملکی کرنسی میں خطیر رقم بطور پنشن وصول کر رہے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق حکومت پاکستان ان ریٹائرڈ افسران کو سالانہ 34 کروڑ 21 لاکھ روپے کی ادائیگی کرتی ہے، جو کہ براہ راست متعلقہ غیر ملکی کرنسی میں منتقل کی جاتی ہے۔ اقتصادی ماہرین کے مطابق یہ انکشاف ملک میں افسر شاہی کے مالی معاملات اور مراعات کے حوالے سے ایک نئی بحث کو جنم دے رہا ہے۔ مزید برآں کئی ممالک میں رہائش پذیر دیگر ریٹائرڈ افسران کو ملکی کرنسی میں بھی پنشن کی ادائیگی کا سلسلہ جاری ہے، تاہم وزارت خارجہ کے پاس ان تمام افسران کی مکمل تفصیلات موجود نہیں ہیں جو ملکی کرنسی میں پنشن وصول کر رہے ہیں، جس سے ڈیٹا کی فراہمی میں ابہام پیدا ہوا ہے۔ ملک کو درپیش معاشی بحران کے دوران سرکاری خزانے سے بیرون ملک مقیم ریٹائرڈ افسران کو خطیر رقوم کی ادائیگی خصوصا غیر ملکی کرنسی میں ادائیگی پر عوامی سطح پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ اقتصادی ماہرین کا کہنا ہے کہ حکومتی اداروں کو پنشن اصلاحات پر نظر ثانی کرنی چاہیے تاکہ ملکی زر مبادلہ پر بوجھ کو کم کیا جاسکے۔

بقیہ 08

کہ اہل خانہ تاحال پریشان ہیں، یقین دہانیوں کے بجائے عملی اقدامات کیے جائیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ قزاقوں کو تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی، عالمی قوانین ہیں کہ مغویوں کو تاوان دے کر نہیں چھڑوا سکتے، قزاقوں کو اس طرح پیسے ملنے شروع ہو گئے تو وہ یہی کام جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قزاقوں کے ہاتھوں پھنسے 10 پاکستانیوں کی رہائی کے لیے کوششیں کر رہے ہیں جن کی تفصیلات ابھی نہیں بتائی جاسکتیں، کوشش ہے کسی بھی طریقے سے ملاحوں کو چھڑوایا جائے۔

بقیہ 09

کہا کہ مزدور طبقہ اپنی محنت اور پسینے سے معاشرے کی بنیاد مضبوط کرتا ہے۔ وہ اپنے بچوں کے بہتر مستقبل اور خاندان کی کفالت کے لیے سخت حالات میں بھی محنت کرتے ہیں۔ ایسے افراد کو نشانہ بنانا نہ صرف ایک خاندان کو اجاڑنے کے مترادف ہے بلکہ معاشرے کے پرامن اور محنت کش طبقے میں خوف وہراس پھیلانے کی کوشش بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی اور تشدد کے خاتمے کے خواہاں ہیں اور امن دشمن عناصر کو یہ واضح پیغام ملنا چاہیے کہ ریاست اور عوام ان کے عزائم کے سامنے متحد ہیں۔ متعلقہ ادارے واقعے کی غیر جانب دارانہ اور مؤثر تحقیقات کرکے قاتلوں تک پہنچیں اور انہیں قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے جاں بحق مزدوروں کے اہل خانہ سے اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے شہداء کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبرو استقامت کی دعا کی۔

بقیہ 10

بانی پی ٹی آئی کی بہن نے عدالتی حکم کی خلاف ورزی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ قیدی کو محفوظ مقام پر منتقل کرے۔ اگر علاج کی ضرورت ہوتی تو ڈاکٹر انہیں اسپتال میں داخل کر دیتے، جبکہ بانی پی ٹی آئی کی بہن نے بھی کہا تھا کہ وہ فٹ ہیں۔ ناصر بٹ نے مزید کہا بانی پی ٹی آئی جیل سے نکل کر بنی گالا منتقل ہونا چاہتے تھے، تاہم سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ کوئی شخص وہاں نہیں جائے گا جہاں ان کا علاج ہونا ہے۔ ن لیگی سینیٹر کا کہنا تھا کہ شفا اسپتال کے باہر لوگ جمع ہو گئے تھے، اگر وہاں کوئی حادثہ پیش آجاتا تو اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی؟ مولانا فضل الرحمان سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ مولانا صاحب جمہوری آدمی ہیں اور وہ کوئی غیر جمہوری اقدام نہیں کریں گے۔

بقیہ 11

دشتی نے بی ایچ یو میہر اور بی ایچ یو ڈام کا مانیٹرنگ دورہ کیا، جہاں انہوں نے بنیادی مراکز صحت کی معمول کی سرگرمیوں، عملے کی حاضری اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ادویات کے اسٹاک، کولڈ چین، سروس ڈیلیوری، ڈیٹا کے معیار اور عملے کی کارکردگی کا معائنہ کیا، جبکہ طبی عملے کو مؤثر خدمات کی فراہمی مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری رہنمائی بھی فراہم کی۔ ڈاکٹر مرشد دشتی نے مراکز صحت میں درپیش مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے موقع پر ہی متعلقہ امور کے حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی، بنیادی مراکز صحت کی مؤثر فعالیت اور سروس ڈیلیوری میں بہتری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔

بقیہ 12

س دیے گئے، جن میں نصابی سوالات، تحریری مشقیں، ریاضی کے مسائل، الفاظ کے معانی اور جملوں کی تشکیل شامل تھی۔ طلبہ نے باہمی مشاورت اور تعاون سے ٹاسکس مکمل کیے اور گروپ کی صورت میں اپنے نتائج پیش کیے۔ اساتذہ عبدالغفار اور محمد اکبر نے طلبہ کی رہنمائی اور نگرانی کی۔ اس سرگرمی کا مقصد طلبہ میں ٹیم ورک، قائدانہ صلاحیت، مثبت گفتگو، اعتماد، تنقیدی سوچ اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا تھا۔ اختتام پر میڈم زکیہ جتوئی نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اسکول انتظامیہ کے مطابق ایسی سرگرمیوں کا مقصد طلبہ کو روایتی تعلیم کے ساتھ عملی، تخلیقی اور جدید تعلیمی سرگرمیوں کے ذریعے بہتر اور خوداعتماد بنانے کے لیے مواقع فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 13

سے گونج رہی۔ شرکاء نے موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر جشن عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے اپنے والہانہ جذبات اور عقیدت کا اظہار کیا۔ ریلی کے شرکاء کا کہنا تھا کہ جشن عید میلاد النبی ﷺ حضور اکرم ﷺ سے محبت، عقیدت اور آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کے عزم کی تجدید کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں سیرت النبی ﷺ پر عمل کرتے ہوئے امن، محبت، بھائی چارے اور انسانیت کا پیغام عام کرنا چاہیے۔ شاندار موٹر سائیکل ریلی کے انعقاد سے اوتھل شہر میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کی خوشیوں اور مذہبی جوش وجذبے میں مزید اضافہ ہو گیا۔

بقیہ 14

الحق حاجی محمد سلیمان جنگ قاری شاہ محمد مولانا مفتی عبدالوہاب حافظ عبدالحق ریگی سینئر نائب امیر مولانا محمد صادق نائب امیر مولانا عبدالمنان سعادت نائب امیر سوئم مولانا عبدالباقی مظہری نائب امیر چہارم مولانا مفتی حسین احمد سرپرست مولانا حافظ محی الدین مولانا محمد قاسم مولانا مفتی عبداللہ مولانا عبدالواسع مولانا حافظ ولی محمد ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا مفتی دین ڈپٹ جنرل سیکرٹری دوئم مولانا امین اللہ امین ڈپٹی جنرل سیکرٹری سوئم مولانا عبد الرحیم ڈپٹی جنرل سیکرٹری چہارم مولانا مفتی عبدالستار سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ عین اللہ صابر ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ ہدایت اللہ سبحانی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات سوئم مولانا حافظ فدا محمد ناظم مالیات مولانا عبدالعلی رخشانی مولانا شیر محمد حقانی مولانا مفتی محمد سلیمان فاروقی مولانا قاری عبد الخالق حاجی ولی محمد عرف طور جان حاجی محمد نعیم لالا سالار صلاح الدین عبدالعلی ترین نور محمد نصر اللہ جنگ حافظ محب اللہ سید گل محمد آغا شاہ محمد پہلوان نے کہا کہ اسلام آباد میں ایک قادیانی نواز خاتون ڈاکٹر فرزانہ باری کے جانب سے ناموس رسالت ص قانون کے خلاف پریس کانفرنس کی ردعمل میں کہا کہ ناموس رسالت ص قانون پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے پاکستان میں قادیانیوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے حکومت فوری طور پر ڈاکٹر فرزانہ باری کو گرفتار کرکے آئین وقانون کے مطابق سخت سزا دی جائے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر فرزانہ باری کے گستاخانہ پریس کانفرنس سے اہل اسلام کا دل آزاری ہوئی ہے یہ ملک لاکھوں مسلمانوں کی 0 قربانیوں کے بعد کلمہ طیبہ اور اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا، اور اس کی ہر ایک اینٹ کے پیچھے آقا دو جہاں حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اور عقیدت شامل ہے۔ اس سرزمین پر بیٹھ کر جو لوگ اسلام مخالف ایجنڈے پر عمل کرتے ہیں اور ناموس رسالت کے قانون کے خلاف زہر اگلتے ہیں انہیں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ اس ملک کا بچہ بچہ اپنے نبی کی عزت وناموس پر پہرہ دینا جانتا ہے یہ لبرل سوچ رکھنے والے اور مغرب کی گود میں بیٹھ کر پاکستان کو بدنام کرنے والے عناصرن لیں اگر تمہیں اس ملک کے نظریات، یہاں کے قوانین اور اس کی اسلامی شناخت سے اتنی ہی تکلیف ہے تو تمہیں اس پاک دھرتی پر رہنے کا کوئی حق نہیں۔ جو لوگ مغرب کے اشاروں پر ناچتے ہیں اور اپنے آقاؤں کی خوشنودی کے لیے اسلام کے خلاف سازشیں کرتے ہیں، وہ اپنا بوریا بستر گول کریں اور سیدھے اپنے انہی آقاؤں کی گود میں جا کر بیٹھ جائیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے غیور عوام اس ملک کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کے بھی محافظ ہیں اور تاجدار ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت وآبرو کے پہلے پہرے دار بھی ہیں۔ یہاں رہ کر حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی ناموس کے خلاف بات کرنے والوں کے لیے اس دھرتی پر کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اگر مسئلہ ہے تو اس ملک سے دفع ہو جاؤ، کیونکہ اس پاک سرزمین پر صرف اور صرف اسلام اور ناموس رسالت کا پرچم ہی بلند رہے گا انہوں نے کہا کہ قاید جمعیت مولانا فضل الرحمان ملک گیر تحفظ ختم نبوت ص کے دفاع کے لیے ملین مارچ کا اعلان کریں۔

بقیہ 15

میں اور پولیس نے مشترکہ سیکیورٹی پلان تیار کرتے ہوئے ضلع بھر میں سیکیورٹی ہائی الرٹ کر دی ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ کسی بھی تھانے کی حدود میں امن وامان کی صورتحال خراب ہونے پر متعلقہ ایس ایچ او اور سی آئی اے انچارج بلاواسطہ ذمہ دار ہوں گے اور ان کے خلاف سخت تکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آمدہ اطلاعات کے مطابق دونوں حساس ایونٹس کی ایک ساتھ آمد کے باعث امن وامان برقرار رکھنے اور شہر کو کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے محفوظ رکھنے کے لیے ایس پی آفس اور ڈپٹی کمشنر آفس میں خصوصی کنٹرول رومز بھی قائم کر دیے گئے ہیں۔ انتظامیہ اور پولیس فورس صورتحال کو مسلسل مانیٹر کر رہی ہے تاکہ دونوں اہم پروگرامز پرامن اور منظم انداز میں انجام پاسکیں۔

بقیہ 16

رڈینیٹر نظام الرحمن نے اس دن کے مناسبت سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ سیمینار میں پی ای ایس پی کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر مشتاق بشیر، 50 بیڈڈ ہسپتال خدابادان پنجگور سے پی ای ایس پی کی ایف سی کوآرڈینیٹر شیریں افضل، نیوٹریشن آفیسر شہباز قدوس، ٹی ایچ کیو ہسپتال پنجگان سے سی ایم ڈبلیو نادیہ نذیر نے، مفتی آصف، محترمہ فرزانہ ہاشم، پروفیسر رحیم، برکت مری، پی پی ایچ آئی کے شاہ مرید، ڈبلیو ایچ او کے ظہیر احمد اور نجم حنیف سمیت دیگر معزز شخصیات شریک تھے۔ سیمینار سے عیسیٰ کالج کی لیکچرارز ولوتی محترمہ مریم عزیز نے ماں کے دودھ کی اہمیت کے حوالے سے خصوصی آگاہی سیشن دیا، جبکہ گرمکان اوئی پی سائٹ عیسیٰ سے محترمہ عالیہ اور محترمہ روزینہ شاہ نے بھی بچوں کی غذائیت اور صحت کے حوالے سے شرکا کو آگاہی فراہم کی۔ سیمنار سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پنجگور ڈاکٹر عابد علی ریکی، ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر نظام الرحمن ودیگر مقررین نے اس دن کے مناسبت کے حوالے سے منعقدہ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کی صحت مند نشوونما، مضبوط قوت مدافعت اور مستقبل میں مختلف بیماریوں سے تحفظ کے لیے ابتدائی عمر میں مناسب غذائیت انتہائی ضروری ہے۔ غذائی قلت کے باعث بچوں کی جسمانی اور ذہنی نشوونما متاثر ہو سکتی ہے، جس کے نتیجے میں اسٹنٹنگ جیسے مسائل جنم لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماں کا دودھ بچے کے لیے قدرت کا بہترین، مکمل اور محفوظ تحفہ ہے، جس کا کوئی حقیقی نعم البدل نہیں۔ بچے کو پیدائش کے پہلے گھنٹے کے اندر ماں کا دودھ پلانے کا آغاز کیا جائے، جبکہ ابتدائی چھ ماہ تک بچے کو صرف ماں کا دودھ دیا جائے اور اس دوران پانی یا دیگر غیر ضروری غذائیں دینے سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ چھ ماہ کے بعد بچے کو عمر کے مطابق مناسب، نرم اور غذائیت سے بھرپور اضافی غذا دینا شروع کی جائے، تاہم ماں کا دودھ دو سال یا اس سے زائد عرصے تک جاری رکھنا چاہیے۔ اس عمل سے بچے کی قوت مدافعت بہتر ہوتی ہے اور مختلف بیماریوں کے خلاف اس کا قدرتی دفاع مضبوط ہوتا ہے۔ مقررین نے کہا کہ معاشرے میں مصنوعی دودھ کے بڑھتے ہوئے استعمال اور بریسٹ فیڈنگ سے متعلق بعض غلط تصورات کو ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ ماں اور خاندانوں کو یہ شعور دینا ضروری ہے کہ جہاں طبی طور پر ممکن ہو، ماں کے دودھ کو اولین ترجیح دی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بریسٹ فیڈنگ صرف بچے کے لیے ہی فائدہ مند نہیں بلکہ ماں کی صحت کے لیے بھی اہم ہے۔ دودھ پلانے والی ماں کی اپنی غذائیت کا بھی خصوصی خیال رکھنا چاہیے۔ ایک صحت مند ماں ہی اپنے بچے کو بہتر طریقے سے دودھ پلا سکتی ہے، اس لیے ماں کو متوازن اور متنوع خوراک فراہم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں کا دودھ پلانا طبی اعتبار کے ساتھ ساتھ اسلامی تعلیمات میں بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ قرآن پاک میں بھی بچوں کو دودھ پلانے کے حوالے سے واضح رہنمائی موجود ہے، اس لیے اس قدرتی اور اہم عمل کو معاشرتی سطح پر فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آخر میں اس عزم کا اظہار کیا کہ پنجگور میں بچوں کی غذائیت بہتر بنانے، اسٹنٹنگ کی روک تھام، ماں کو متوازن غذا کی اہمیت سے آگاہ کرنے اور بریسٹ فیڈنگ کے فروغ کے لیے آگاہی پروگراموں کا سلسلہ مزید موثر انداز میں جاری رکھا جائے گا۔ کیونکہ صحت مند بچے ہی صحت مند معاشرے اور مضبوط مستقبل کی بنیاد ہیں، اس لیے ہر ماں، ہر خاندان اور معاشرے کے ہر فرد کو بچوں کی بہتر غذائیت اور ماں کے دودھ کی اہمیت کے حوالے سے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 17

تنظیم کا کہنا ہے کہ جنتر منتر پر احتجاج ختم ہوئے ابھی چار ہفتے ہی گزرے ہیں لیکن 25 جولائی کو حکومت کی جانب سے دی گئی یقین دہانیوں پر عمل نہ ہونے کے باعث دوبارہ سڑکوں پر آنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سی جے پی کا موقف ہے کہ حکومت نے پیپر لیک تنازع کے بعد خودکشی کرنے والے امیدواروں کے اہل خانہ کو معاوضہ دینے اور احتجاج کرنے والے نوجوانوں کے خلاف درج ایف آئی آر ختم کرنے کا وعدہ کیا تھا تاہم یہ مطالبات تاحال پورے نہیں ہوئے۔ تنظیم کا دعویٰ ہے کہ سپریم کورٹ نے بھی مظاہرین کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات طلب کی تھیں تاکہ ان پر کارروائی کی جاسکے، لیکن حکومتی سطح پر معاملہ تاخیر کا شکار ہے۔ 5 ستمبر کو ہونے والے مارچ کی قیادت مبینہ طور پر ان طلبہ کے اہل خانہ کریں گے جنہوں نے نیٹ تنازع کے دوران اپنی جانیں گنوائیں جبکہ پولیس لاٹھی چارج کا سامنا کرنے والے طلبا بھی مارچ میں شریک ہوں گے۔ کاکروچ جنتا پارٹی کا کہنا ہے کہ احتجاج پرامن ہوگا تاہم حکومت کی جانب سے وعدے پورے نہ کیے گئے تو نیٹ پیپر لیک کے معاملے پر احتجاجی تحریک دوبارہ شدت اختیار کر سکتی ہے۔

بقیہ 18

م ایک عظیم الشان اور پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ ریلی شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی تحصیل پریس کلب گنداخہ پہنچی جبکہ ریلی کی قیادت علامہ حافظ محمد بلال نے کی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر فرزانہ باری نے عقیدہ ختم نبوت اور اس سے متعلق آئینی وقانونی شقوں کے بارے میں انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور گستاخانہ الفاظ استعمال کرتے ہوئے اس کو "کالا قانون" قرار دیا، جس سے ملک بھر کے مسلمانوں کے مذہبی جذبات شدید مجروح ہوئے ہیں۔ شرکا نے ہاتھوں میں کتبے اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر ختم نبوت ﷺ کی پاسداری اور گستاخوں کی مذمت میں نعرے درج تھے۔ علامہ حافظ محمد بلال نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملعون ڈاکٹر فرزانہ باری کے خلاف توہین رسالت اور آئین پاکستان کی خلاف ورزی کے تحت قانونی کارروائی کرتے ہوئے انہیں سخت سے سخت سزا دی جائے۔ مظاہرے کے اختتام پر پرامن طور پر نعرے بازی کی گئی اور اعلی حکام، بشمول بالادست اداروں اور عدالت عظمی سے مطالبہ کیا گیا کہ اس قسم کے بیانات کا فوری نوٹس لے کر ملزمہ کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

بقیہ 19

جبکہ علاج معالجہ پہلے ہی مہنگا ہونے کے بعد بیماری کی صورت میں ادویات کی خریداری عام ادمی کے لیے اضافی مالی بوجھ بن گئی ہے بھاگ شہر اور گرد و نواح کے شہریوں نے ادویات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے شہریوں کا کہنا ہے ایک طرف مہنگائی نے گھریلو بجٹ کو شدید متاثر کر رکھا ہے تو دوسری جانب مختلف بیماریوں میں استعمال ہونے والی ادویات کی قیمتوں میں اضافے نے مریضوں اور ان کے اہل خانہ کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے عوامی حلقوں کے مطابق خصوصا ایسے مریض جو مستقل ادویات پر ادویات استعمال کرتے ہیں ان کے ماہانہ اخراجات میں نمایاں اضافہ ہو چکا ہے محدود آمدنی رکھنے والے افراد کے لیے گھر کے بنیادی اخراجات پورے کرنا بہت ہی مشکل ہو چکا ہے جبکہ ڈاکٹر کی فیس ٹیسٹوں کے اخراجات اور مہنگی ادویات کی خریداری نے علاج معالجہ مزید مشکل بنا دیا ہے شہریوں نے متعلق حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ادویات کی قیمتوں میں اضافے کا فوری نوٹس لیا جائے اور ضروری جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں کو عام ادمی کی قوت خرید کے مطابق رکھنے کے لیے بہتر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 20

ممالک امن کے حوالے سے بہت بڑے خطرے سے دوچار ہو رہے ہیں۔ امریکہ ایک طرف امن معاہدہ دوسری طرف مسلسل حملوں سے جنگ کو طول دینا چاہتے ہیں۔ امریکہ امن معاہدہ منہ پر رام رام اور بغل میں چھری ہونے کی مترادف ہے امریکہ عالم اسلام سے امن ومعیشت، دفاعی اور ترقی وخوش حالی کو چھینا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ عالمی برادری، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی ادارے اس بدمست ہاتھی کی جنونیت اور انتہاپسندی پر کیوں خاموش ہے امریکہ کی جارحیت سے عالمی امن خطے سے دوچار ہو رہی ہے۔ جنگ نے ہمیشہ خطوں کو تباہی اور عدم استحکام سے دوچار کیا ہے۔ عالمی برادری امریکہ کی جارحیت وبربریت کو روک دے۔ امریکہ کی مسلسل جارحیت سے امن وسلامتی کے لیے خط میں خطرے کی گھنٹی بج رہی ہے عالم اسلام سے امن ومعیشت، دفاعی اور ترقی وخوش حالی کو چھینا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت قیام امن مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے تمام ارباب اختیار اور قانون نافذ کرنے والے بلوچستان کی حالات ہاتھ سے نکل چکی ہے حکومت نے تاجروں اور ٹرانسپورٹروں کو ڈاکوؤں اور دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہیں۔ پورے صوبے میں کہیں بھی حکومت کی رٹ دکھائی نہیں دیتی۔ قومی شاہراہوں، اور صوبے کی تمام اضلاع میں بدامنی کے باعث عوام کہیں پر بھی محفوظ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی حالات پر غیر سنجیدہ فیصلوں نے ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے امن وامان کے نام پر اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود بدامنی حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے حکومت صرف ورکشاف اور بلند بانگ دعوں سے اپنی ناکام کارکردگی کو نہیں چھپا سکتی ہے

بقیہ 21

کہ اہل خانہ تاحال پریشان ہیں، یقین دہانیوں کے بجائے عملی اقدامات کیے جائیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ قزاقوں کو تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی، عالمی قوانین ہیں کہ مغویوں کو تاوان دے کر نہیں چھڑوا سکتے، قزاقوں کو اس طرح پیسے ملنے شروع ہو گئے تو وہ یہی کام جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قزاقوں کے ہاتھوں پھنسے 10 پاکستانیوں کی رہائی کے لیے کوششیں کر رہے ہیں جن کی تفصیلات ابھی نہیں بتائی جاسکتیں، کوشش ہے کسی بھی طریقے سے ملاحوں کو چھڑوایا جائے۔

بقیہ 22

مبارکباد دی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے ملک کفایت الرحمن کے لیے نئی ذمہ داریوں میں کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی، گلگت بلتستان اسمبلی کے ساتھ پارلیمانی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون سازی اور پارلیمانی امور میں گلگت بلتستان اسمبلی کی استعداد کار بڑھانے کے لیے تعاون جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پپس (PIPS) کے تحت گلگت بلتستان اسمبلی کے ارکان اور عملے کے لیے تربیتی پروگرامز اہم ہیں۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ اسپیکرز کانفرنس قانون ساز اداروں کے درمیان رابطے، اتفاق رائے اور تجربات کے تبادلے کا مؤثر پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک خطے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے گیم چینجر منصوبہ ہے، گلگت بلتستان معدنی وسائل اور سیاحت کے شعبوں میں وسیع استعداد رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معدنی وسائل کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور عوامی شمولیت یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیامر بھاشا ڈیم ملکی معیشت اور سماجی ترقی کے لیے اہم منصوبہ ہے۔ ڈپٹی اسپیکر گلگت بلتستان اسمبلی ملک کفایت الرحمن نے اسپیکر قومی اسمبلی کی نیک خواہشات اور تعاون پر اظہار تشکر کیا۔

بقیہ 23

وزیر برائے توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری کی زیر صدارت منعقدہ اعلی سطح کے اجلاسوں کے دوران ہوا۔ ان اجلاسوں میں محض رپورٹوں یا بیرونی تحقیقات پر انحصار کرنے کے بجائے حقیقی اعداد وشمار، معاہداتی انتظامات اور مارکیٹ کے طریقہ کار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ پاکستان میں کوئلے سے چلنے والے پاور پلانٹس کی مجموعی پیداواری صلاحیت تقریبا 5,280 میگاواٹ ہے، جن میں سے متعدد مکمل یا جزوی طور پر درآمدی کوئلے پر انحصار کرتے ہیں، ان میں پورٹ قاسم، حب پاور اور ساہیوال کے 1,320 میگاواٹ کے تین بڑے پاور پلانٹس شامل ہیں جبکہ لکی اور جامشورو پاور پلانٹس بھی درآمدی کوئلہ استعمال کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ان پاور پلانٹس کو چلانے کے لیے عالمی سپلائرز کے ساتھ کوئلے کی فراہمی کے معاہدے کیے جاتے ہیں، درآمدی کوئلے کی قیمت عام طور پر بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ اشاریوں، جیسا کہ API-4 انڈیکس، سے منسلک ہوتی ہے جو عالمی منڈیوں میں کوئلے کی قیمت کی عکاسی کرتا ہے تاہم ایک پاور پلانٹ کی جانب سے ادا کی جانے والی حتمی قیمت کا انحصار صرف اس اشاریے پر نہیں بلکہ اس رعایت پر بھی ہوتا ہے جو وہ سپلائر سے حاصل کرنے میں کامیاب ہوتا ہے۔ تجزیے سے معلوم ہوا کہ مختلف پاور پلانٹس ایک ہی عالمی اشاریے کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک ہی سپلائر سے کوئلہ خرید رہے تھے لیکن انہیں حاصل ہونے والی رعایت میں نمایاں فرق تھا، جو 0.25 امریکی ڈالر سے 7.12 امریکی ڈالر فی میٹرک ٹن تک تھا۔ جائزے میں یہ بات بھی سامنے آئی کہ ایک ہی سپلائر نے مختلف پاور پلانٹس کو نمایاں طور پر مختلف رعایتیں فراہم کیں۔ بعض معاملات میں بنیادی سپلائی معاہدوں کے مقابلے میں بیک اپ سپلائی کے انتظامات کم رعایت پر کیے گئے۔ علاوہ ازیں، ایسے معاملات بھی سامنے آئے جہاں زیادہ رعایت فراہم کرنے والے سپلائر کے ساتھ معاہدہ موجود ہونے کے باوجود کم رعایت دینے والے سپلائر سے کوئلہ حاصل کیا جا رہا تھا۔ یہ فرق اس لیے انتہائی اہم ہے کیونکہ ایندھن کی لاگت بالآخر بجلی کے ٹیرف کے ذریعے صارفین سے وصول کی جاتی ہے، ایندھن کی خریداری کی لاگت میں کوئی بھی غیر ضروری اضافہ براہ راست ملک بھر کے گھریلو اور کاروباری صارفین پر اضافی بوجھ کا باعث بنتا ہے۔ فوری اقدام کے طور پر پاور ڈویژن نے ریگولیٹری فریم ورک کو مضبوط بنانے کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں۔ کوئلے کی خریداری میں شفافیت، یکسانیت اور مسابقت کو یقینی بنانے کے لیے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کو پالیسی گائیڈ لائنز باقاعدہ طور پر جاری کی جا رہی ہیں۔ اصلاحات کے پہلے مرحلے کے طور پر پاور ڈویژن کوئلے کی خریداری کے لیے بہترین دستیاب رعایت کا ایک سادہ مگر اہم اصول متعارف کروا رہا ہے، پاور پلانٹس کیلئے لازم ہوگا کہ وہ قابل اطلاق بین الاقوامی اشاریے کے مقابلے میں سب سے زیادہ رعایت پیش کرنے والے اپنے معاہدہ شدہ سپلائرز سے کوئلہ خریدیں اور انہیں کم رعایت دینے والے سپلائر سے خریداری کی اجازت نہیں ہوگی۔ اس اصلاح کی بنیاد پر سالانہ تقریباً 380 ملین روپے کی بچت کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ یہ بچت بغیر کسی اضافی سرمایہ کاری کے محض اس بات کو یقینی بنا کر حاصل کی جائے گی کہ پاور پلانٹس کوئلہ بہترین دستیاب رعایت پر خریدیں۔ وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ یہ اقدام پاور ڈویژن کے وسیع تر اصلاحاتی نقطہ نظر کی عکاسی کرتا ہے، جس کے تحت اعداد وشمار اور مارکیٹ کے تجزیے کے ذریعے خامیوں کی نشاندہی کی جاتی ہے، مناسب ریگولیٹری اور پالیسی اقدامات کے ذریعے انہیں دور کیا جاتا ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ حاصل ہونے والی بچت کے فوائد بجلی کے صارفین تک پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد تجارتی امور میں مداخلت کرنا نہیں بلکہ یہ یقینی بنانا ہے کہ جہاں ایندھن کی لاگت بالآخر صارفین پر منتقل ہوتی ہے، وہاں خریداری کا عمل مؤثر اور شفاف انداز میں انجام دیا جائے، کوئلے کی خریداری کا یہ جائزہ پاکستان کے عوام کے مفادات کے تحفظ کے لیے پاور ڈویژن کی جانب سے کیے جانے والے مسلسل اصلاحاتی اقدامات کا حصہ ہے، حکومت پاور سیکٹر کے ہر پہلو کا جائزہ لے کر غیر ضروری اخراجات کے خاتمے اور اس امر کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ عوامی ادارے حقیقی معنوں میں عوامی مفاد کے لیے کام کریں۔

بقیہ 24

کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا کہ صفائی نصف ایمان ہے اور گنداخہ سٹی کو صاف، شفاف اور خوبصورت رکھنا میونسپل کمیٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ بارہ ربیع الاول مسلمانوں کے لیے انتہائی عقیدت واحترام کا دن ہے، اس مقدس موقع پر جلوس کے روٹس کی صفائی اور شہری سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی گنداخہ عوامی خدمت کے جذبے کے تحت شہر کی صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ بارہ ربیع الاول کے جلوس کے دوران بھی صفائی کے عملے کو متحرک رکھا جائے گا تاکہ جلوس کے راستوں پر صفائی کا معیار برقرار رہے اور شہریوں وجلوس کے شرکا کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے میونسپل کمیٹی کے عملے کو ہدایت کی کہ جلوس کے روٹس سمیت شہر کے اہم مقامات پر صفائی کے خصوصی انتظامات کو یقینی بنایا جائے اور صفائی کے عمل میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ صفائی کے عملے سے تعاون کریں، کچرا سڑکوں اور گلیوں میں پھینکنے سے گریز کریں اور شہر کو صاف رکھنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں، انہوں نے مزید کہا کہ صاف ستھرا گنداخہ نہ صرف شہریوں کی صحت بلکہ شہر کی خوبصورتی اور مثبت تشخص کی علامت ہے، جس کے لیے میونسپل کمیٹی اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 25

روبھو ودیگر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ پی پی لسبیلا کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ نے سوگوار خاندانوں سے اظہار ہمدردی واظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگواروں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 26

10 بجے 12 افراد بیک وقت چیختے ہیں، یہ نیوز شو ہے یا شور شرابا۔ بھارتی ٹاک شوز کی چیخ وپکار میں گفتگو سمجھنا بالکل ناممکن ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مداخلت اور روکنے کے باوجود مہمانوں کو مسلسل چیخنے کی تربیت کہاں سے ملتی ہے؟ امریکا میں فیک نیوز کو بڑا مسئلہ سمجھتا تھا لیکن بھارتی میڈیا سب سے آگے نکل گیا۔ سیاسی تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ امریکی سفیر کے تبصروں نے بھارتی ذرائع ابلاغ میں گمراہ کن رپورٹنگ اور فیک نیوز کے بڑھتے رجحان کو بے نقاب کر دیا۔ امریکی بیانیہ، سنسنی خیزی اور غیر مصدقہ دعوں سے بھارتی میڈیا اپنی عالمی ساکھ مسلسل کھو رہا ہے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ بھارتی میڈیا سچائی کے بجائے صرف حکومتی بیانیے اور سیاسی پروپیگنڈے کا ذریعہ بن چکا ہے۔ ذرائع ابلاغ پر بڑھتا ہوا سخت حکومتی اثر ورسوخ بھارت میں غیر اعلانیہ ایمرجنسی کے تاثر کو تقویت دے رہا ہے۔

بقیہ 27

پتنگیں اڑانے کا کوئی حربہ شروع کیا تو سخت ردعمل دیا جائے گا۔ مقامی غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹیوں نے غزہ میں والدین کو انتباہ جاری کیا۔ یہ اعلان حماس کے حکام کے ساتھ مل کر کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ ہم انتھک محنت کر رہے ہیں اور اس پریکٹس کو روکنے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں اور یہ کام اپنے بچوں کے بچپن کو محدود کرنے کے لیے نہیں، جو پہلے ہی کھیلنے اور محفوظ رہنے کے بنیادی حقوق سے محروم ہیں، بلکہ ان کی معصوم جانوں کے تحفظ کے لئے۔ 2018 میں، غزہ کے باشندوں نے آگ لگانے والے غبارے اور پتنگیں سرحد پر بھیجیں، جس سے سینکڑوں ایکڑ کھلے میدانوں اور کھیتوں میں آگ لگ گئی، جس میں انہوں نے کہا کہ اس علاقے کی اسرائیلی ناکہ بندی کے خلاف احتجاج تھا۔

بقیہ 28

ئی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ہمہ وقت چوکس اور الرٹ رہنے کی سخت ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس عوام کے جان ومال کی محافظ ہے اور اس کی بنیادی ذمہ داری شہر میں امن وامان کا قیام ہے۔ انہوں نے اہلکاروں کو تاکید کی کہ شہر کی چوراہوں اور داخلی وخارج کے راستوں پر مشکوک افراد اور غیر قانونی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے اور تلاشی کے عمل کو مؤثر بنایا جائے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کا بروقت سدباب کیا جاسکے۔ ایس پی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے مزید کہا کہ پولیس فورس کا عزم عوام کی خدمت اور تحفظ کو یقینی بنانا ہے، جس میں کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے افسران وجوانوں کو ہرممکن ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے 24 گھنٹے تیار رہنے کی ہدایت کی تاکہ شہری ایک پرامن اور محفوظ ماحول میں زندگی بسر کرسکیں

بقیہ 29

مکمل ہو گیا ہے۔ مخصوص نشستوں پر انتخاب کے بعد نومنتخب ارکان نے بھی گزشتہ روز حلف اٹھا لیا تھا۔

بقیہ 30

ی، عدل وانصاف اور انسانیت کی خدمت کا درس دیا۔ ہمیں چاہیے کہ اپنی زندگیوں میں نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کو اپنائیں اور معاشرے میں بھائی چارے، امن اور اتحاد کو فروغ دیں۔ سردار کوہیار خان ڈوکی نے کہا کہ 12 ربیع الاول ہمیں یہ عہد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم نبی کریم ﷺ کی سیرت وکردار کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں گے اور ملک وصوبے کی ترقی، خوشحالی اور امن کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے اس بابرکت موقع پر امت مسلمہ، بالخصوص پاکستان اور بلوچستان کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور امن واستحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔

بقیہ 31

سکوز) میں مجموعی طور پر 21 لاکھ 25 ہزار 296 اسمارٹ میٹرز نصب کیے جاچکے ہیں۔ وزارت توانائی نے بتایا کہ سب سے زیادہ اسمارٹ میٹرز لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے نصب کیے، جن کی تعداد 11 لاکھ 53 ہزار 556 ہے۔ گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی (گیپکو) میں 3 لاکھ 48 ہزار 135، ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) میں 2 لاکھ 29 ہزار 719 اور اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) میں 1 لاکھ 19 ہزار 372 اسمارٹ میٹرز نصب کیے گئے۔ وزارت کے تحریری جواب کے مطابق فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں 1 لاکھ 11 ہزار 948، پشاور الیکٹرک پاور کمپنی (پیسکو) میں 60 ہزار 685 اور کے الیکٹرک میں 50 ہزار 599 اسمارٹ میٹرز نصب کیے گئے۔ حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) میں 19 ہزار 620، سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (سیپکو) میں 13 ہزار 432، کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) میں 9 ہزار 194 اور ہزارہ الیکٹرک پاور کمپنی (ہزیکو) میں 7 ہزار 659 اسمارٹ میٹرز نصب کیے گئے۔ اسی طرح ٹرائبل ایریاز الیکٹرک سپلائی کمپنی (ٹیسکو) میں 1 ہزار 377 اسمارٹ میٹرز نصب کیے گئے ہیں۔ وزارت توانائی کا کہنا تھا کہ اسمارٹ میٹرز کی تنصیب سے بجلی کے استعمال کی نگرانی، میٹر ریڈنگ کے نظام میں بہتری اور بجلی کی تقسیم کے نظام کو مزید مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 32

کر کے آڈٹ سفارشات پر عملدرآمد جاری ہے۔ کراچی شپ یارڈ اینڈ انجینئرنگ ورکس کو کمرشل جہاز سازی اور جدید ہاربر کرافٹس کی تیاری کا مرکزی کردار سونپا گیا، کراچی شپ یارڈ میں صاف توانائی اور بائیو فیول سے چلنے والے ہاربر کرافٹس کی تیاری کے اقدامات جاری ہیں۔ ہاربر کرافٹس کے یکساں معیار کیلئے اسٹینڈرڈائزیشن کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد مکمل کر لیا گیا، بین الاقوامی شپ یارڈز کے ساتھ مشترکہ منصوبوں اور جدید ٹیکنالوجی کے حصول کے لئے اقدامات تیز کئے گئے۔ ملکی جہاز سازی کے آرڈرز قومی شپ یارڈ کو دینے کی حکمت عملی پر عملدرآمد جاری ہے، قومی شپ یارڈ میں کمرشل جہاز سازی اور جہازوں کی مرمت کی صلاحیت بڑھانے کے اقدامات جاری ہیں۔ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن اور کراچی شپ یارڈ کی بحالی سے قومی شپنگ، جہاز سازی اور بحری معیشت کو مزید تقویت مل رہی ہے۔

بقیہ 33

پروگرامز، طبی مراکز کی کارکردگی اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بارکھان، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی بارکھان، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر بارکھان، اسسٹنٹ کمشنر بارکھان سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع کے ڈی ایچ کیو، بی ایچ یوز اور دیگر بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی، عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی حاضری وکارکردگی، جاری صحت پروگرامز اور مالی وانتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اپنے اداروں کی کارکردگی اور درپیش مسائل سے متعلق بریفنگ بھی دی۔ ڈپٹی کمشنر سعید الرحمن کاکڑ نے ہدایت کی کہ عوام کو بروقت، معیاری اور بلاتعطل طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 34

گہرے دکھ وافسوس کا اظہار کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک اس وقت سیاسی، آئینی، معاشی اور امن وامان کے سنگین بحرانوں میں گھرا ہوا ہے۔ آئین، میڈیا، عدلیہ اور پارلیمنٹ کی آزادی و وقعت کو پامال کیا جارہا ہے

EXTENSION

Office of the Municipal Committee Hurramzai notice inviting tender (NIT) published in daily Newspapers on dated: 06-08-2026 Vide DAB/AB No. 159/5-8-2026 is going to open on 26-August-2026 due to public holiday on the Occasion of Eid Milad-un-Nabi (12 Rabi-ul-Awwal) is extended to 27-August-2026 other terms and condition will remain the same

Chief Officer
Municipal Committee
Hurramzai

AB No.265/25-8-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

The NIT Published in Daily Newspapers Vide DAB/AB No.96/27-07-2026 (TSE-2627081154963) by this office. The Eligibility Criteria has been changed/Updated, and the Deadline of submission of Bids has also been extended. Now Deadline of submission of Bids is 27/08/2026. 10:00 AM

CHIEF OFFICER
Municipal Committee
Zhob

AB No.264/25-8-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

HIRING OF GROUP MEDICAL INSURANCE SERVICES FOR BPPPA EMPLOYEES

With reference to the Invitation for Bids published vide AB No. 231/18-08-2026 in the Daily newspapers on 18th August, 2026, it is hereby notified that one amendment has been made to the eligibility criteria "Having AA credit rating by PACRA/JCR-VIS." The revised bidding documents reflecting the above amendment are available on the BPPRA website. The bids shall be submitted and opened on the same date and time as specified in the bidding documents, at the address provided therein. All other terms and conditions remain same.

PHONE: 081-2503098 EMAIL: procbpppa@gmail.com.
WEB: https://bpppa.gob.pk

AB No.263/25-8-2026

BALOCHISTAN PUBLIC PRIVATE PARTNERSHIP AUTHORITY
BANGALOW # 49-A, JINNAH TOWN, SAMUNGLI ROAD, QUETTA

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE-CORRIGENDUM

With reference to advertisement published in daily newspapers vide **PRQ No.645/5-8-2026**The Chief Minister's Secretariat, Quetta invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627071142991 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Manufactured Vehicles & Accessories (Total Item(s) Count: 3)	2 %

Changed Area

S.No	Step Name	Remarks
Note: The Remaing Terms & Conditions shall Remain Same.		

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents Procedure Of Procurement:Single Stage Two Envelope Bidding Procedure Bid Security: The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 01 September, 2026till 01:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 02:00 PM on EPPS System The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 18 August, 2026 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: CM Secretariat,Quetta, Red Zone, Zarghoon Road, Quetta Phone no: 0819202267
Email: QA7002CMSecretariat@gmail.com

Section Officer
Chief Minister's Secretariat,
Quetta

PRQ No.1057/25-8-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

وہ اپنے بچوں کے بہتر مستقبل اور خاندان کی کفالت کے لیے سخت حالات میں بھی محنت کرتے ہیں

محنت کشوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور انسانیت سوز اقدام ہے، سردار عبدالرحمن کھیتران

بے گناہ مزدوروں کا خون کسی صورت رائیگاں نہیں جانا چاہیے ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

کوئٹہ (آن لائن) سابق صوبائی وزیر و رکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمن کھیتران نے ضلع پشین کے علاقے سرانان میں نہتے مزدوروں کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ محنت کشوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور انسانیت سوز اقدام ہے۔ بے گناہ مزدوروں کا خون کسی صورت رائیگاں نہیں جانا چاہیے اور واقعے میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 8)

نئے صوبے بنانے میں کوئی قباحت نہیں، یونٹس بنتے تو بہتر ہیں، سینیٹر ناصر بٹ

قیدی کو محفوظ مقام پر منتقل کرے۔ اگر علاج کی ضرورت ہوتی تو ڈاکٹر انہیں اسپتال میں داخل کر دیتے

اسلام آباد (آئی این پی) حکمران جماعت ن لیگ کے سینیٹر ناصر بٹ نے کہا ہے کہ نئے صوبے یا انتظامی یونٹس بنانے میں کوئی قباحت نہیں، حکومت اور اپوزیشن کو مل بیٹھ کر اس معاملے پر فیصلہ کرنا چاہیے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے لیگی سینیٹر ناصر بٹ نے کہا کہ اگر نئے یونٹس بن جائیں تو یہ بہتر ہوگا، حکومت اور اپوزیشن کو اس معاملے پر اتفاق رائے پیدا کرنا چاہیے، تاہم جو فیصلہ اسمبلی کرے گی وہی بہتر ہوگا۔ بانی پی ٹی آئی کی جیل سے منتقلی سے متعلق سوال پر ناصر بٹ نے کہا کہ سپریم کورٹ جو بھی حکم جاری کرتی ہے، اس پر عمل ہوتا ہے، تاہم (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 10)

ریٹائرڈ افسران کی بیرون ملک منتقلی، پنشن بھی غیر ملکی کرنسی میں لینے کا انکشاف

اسلام آباد (آئی این پی) ریٹائرڈ افسران کی بیرون ملک منتقلی کے بعد اپنی پنشن بھی غیر ملکی کرنسی میں وصول کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ نجی ٹی وی رپورٹ کے مطابق وزارت خارجہ نے پارلیمنٹ میں انکشاف کیا ہے کہ مختلف سرکاری محکموں سے ریٹائر ہونے والے 33 اعلیٰ افسران (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 7)

باعزت، محفوظ اور پرامن زندگی گزارنا ہر شہری کا بنیادی آئینی اور انسانی حق ہے مگر بلوچستان کے عوام کو اس بنیادی حق سے بھی محروم کر دیا گیا ہے

دہشتگرد ریاستی رٹ کو کھلے عام چیلنج کر رہے ہیں، مولانا عبدالواسع

شریف شہری صبح گھر سے نکلتے وقت یہ یقین نہیں کر سکتا کہ شام کو بحفاظت واپس لوٹے گا، صوبہ عملاً بدامنی، لاقانونیت اور عدم تحفظ کی لپیٹ میں ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ باعزت، محفوظ اور پرامن زندگی گزارنا ہر شہری کا بنیادی آئینی اور انسانی حق ہے، مگر بلوچستان کے عوام کو آج اس بنیادی حق سے بھی محروم کر دیا گیا ہے، صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ ایک شریف شہری صبح گھر سے نکلتے وقت یہ یقین نہیں کر سکتا کہ شام کو بحفاظت واپس لوٹے گا۔ صوبہ عملاً بدامنی، لاقانونیت اور عدم تحفظ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 6)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی منتخب خاتون افسر کو تقرر نامہ دے رہے ہیں

ماں کا دودھ نومولود بچوں کیلئے بہترین غذا ہے، خالد خان

صحت مند بچوں سے ہی صحت مند معاشرہ تشکیل پاتا ہے

سیمینار کے اختتام پر شرکاء نے ماں کے دودھ کی اہمیت کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کے عزم کا اظہار کیا

جعفر آباد (خ ن) جعفر آباد میں ماں کے دودھ کی اہمیت، افادیت اور نومولود بچوں کی بہتر صحت و نشوونما کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان تھے۔ سیمینار میں محکمہ صحت کے افسران، مختلف سرکاری محکموں کے نمائندگان، طبی ماہرین، خواتین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار کے دوران (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 5)

وندر، شکر گوٹھ میں عظیم الشان جشن عید میلاد النبیؐ جلسے کا انعقاد

گھروں کو سجانے والے خوش نصیبوں میں انعامات کی تقسیم، آئندہ بھی حوصلہ افزائی کا اعلان

وندر (یو این اے) جماعت اصلاح المسلمین و روحانی طلبہ جماعت تحصیل سونمیانی وندر ضلع حب کی جملہ برانچز کے مشترکہ تعاون سے شکر گوٹھ وندر میں عظیم الشان جلسہ بسلسلہ جشن عید میلاد النبی ﷺ منعقد کیا گیا۔ جس کی میزبانی ڈاکٹر یاسر نے کی جبکہ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 4)

قاید جمعیت مولانا فضل الرحمان ملک گیر تحفظ ختم نبوت ص کے دفاع کے لیے ملین مارچ کا اعلان کریں

ناموس رسالت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، جمعیت (ف)

ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے دفاع کے لیے قادیانیت نواز قوتوں کا تعاقب جاری رہے گا، مولانا محمد طاہر توحیدی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان اسلام کے نام پر بنا ہے ناموس رسالت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے دفاع کے لیے قادیانیت نواز قوتوں کا تعاقب جاری رہے گا ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات و امیر نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ جنگ سرپرست اعلیٰ مولانا راز محمد حسنی مولانا شیخ عبد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 1)

عید میلاد النبی کے جلوس شوکت اسلام اور سنی شیعہ مثالی اتحاد کے عملی مظاہرے ہیں، طارق جعفری

کوئٹہ (آن لائن) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے ترجمان لسان تحریک طارق جعفری نے کہا ہے کہ عید میلاد النبی کے جلوس شوکت اسلام اور سنی شیعہ مثالی اتحاد کے عملی مظاہرے ہیں قائد ملت جعفریہ آغا سید حامد علی شاہ موسوی کے قائم کردہ عالمگیر ہفتہ وحدت و اخوت جو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 3)

غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، سعید الرحمن کاکڑ

سرکاری سکولوں کی روزانہ نگرانی مزید مؤثر بنائی جائے

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (DEG) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بارکھان، خزانہ آفیسر، انچارج آر ٹی ایس ایم، ڈپٹی ڈی ای اوز اور یونین کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر بارکھان کو ضلع بھر کے سرکاری سکولوں کی صورتحال، اساتذہ کی حاضری اور تعلیمی امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سعید الرحمن کاکڑ نے مسلسل غیر حاضر رہنے والے بعض اساتذہ کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق سخت محکمانہ کارروائی، تنخواہوں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 2)

امریکہ امن معاہدہ منہ پر رام رام اور بغل میں چھری ہونے کی مترادف ہے

امریکہ ایک طرف امن معاہدہ دوسری طرف مسلسل حملوں سے جنگ کو طول دینا چاہتے ہیں، مولانا عبدالقادر لونی

امریکہ کی مسلسل دھمکیاں اور جارحیت سے پورا خطہ اور اسلامی ممالک امن کے حوالے سے بہت بڑے خطرے سے دوچار ہو رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سینیئر نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الحدیٰ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ امریکہ کی مسلسل دھمکیاں اور جارحیت سے پورا خطہ اور اسلامی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 20)

بلوچستان پشتون بیلٹ مینارٹی ایکشن الائنس کے صدر راج پراچہ، وکی بھٹی، رومی رمیش بھٹی، عادل اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اوتھل میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر موٹر سائیکل ریلی

سیرت النبی ﷺ پر عمل کا عزم کیا جائے، عبدالحفیظ شاہ کاظمی

اوتھل (یو این اے) جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں اوتھل میں سید عبدالحفیظ شاہ کاظمی کی قیادت میں ایک شاندار موٹر سائیکل ریلی نکالی گئی، جس میں عاشقان رسول ﷺ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی سید کبیر شاہ درگاہ سے شروع ہوئی اور مین قومی شاہراہ پر گشت کرتی ہوئی مختلف راستوں سے گزری، جس کے بعد ریلی واپس سید کبیر شاہ درگاہ پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر مین قومی شاہراہ کی فضا درود و سلام اور "یا رسول اللہ ﷺ" کے پرجوش ور (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 13)

عملی سرگرمیاں طلبہ کا اعتماد بڑھاتی ہیں، زکیہ جتوئی

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں طلبہ کی تعلیمی صلاحیتوں، تخلیقی سوچ، باہمی تعاون اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے گروپ لرننگ ایکٹیویٹی کا انعقاد کیا گیا۔ سرگرمی کی نگرانی اور جانچ میڈم زکیہ جتوئی، رپورٹر و اینکر اے ٹی وی، نے کی، جبکہ وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل و چیئرمین پی ٹی ایس ایم سی محمد وسیم خاصخیلی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ سرگرمی کے دوران طلبہ کو مختلف گروپس میں تقسیم کر کے مختلف تعلیمی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 14)

عوام کو صحت کی سہولیات دہلیز تک پہنچانا ترجیح ہے، مرشد دشتی

حب (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق شہریوں کو صحت کے سہولیات ان کے دہلیز تک پہنچانے کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 11)

میلاد النبی ﷺ اور نواب اکبر بگٹی کی برسی کے موقع پر ضلعی انتظامیہ ہائی الرٹ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع بھر میں ایک ہی دن دو اہم ایونٹس یعنی عاشقان رسول ﷺ کی جانب سے ریلیوں اور نواب اکبر خان بگٹی مرحوم کی برسی کے مدنظر ضلعی انتظا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 15)

پنجگور، عالمی یوم ماں کے دودھ کی مناسبت سے بچوں کی غذائیت اور آگاہی سیمینار کا انعقاد

پیدائش کے پہلے چھ ماہ صرف ماں کا دودھ پلانا بچے کی صحت اور نشوونما کے لیے لازمی ہے

تقریب کے مہمان خاص ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پنجگور ڈاکٹر عابد علی ریکی تھے

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں عالمی یوم ماں کا دودھ کی مناسبت سے بچوں کی غذائیت، اسٹنٹنگ کی روک تھام اور ماں کے دودھ کی اہمیت کے حوالے سے ایک آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کا اہتمام یونیسف کے باہمی تعاون سے کیا گیا، جس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ پروگرام میں محکمہ صحت، غذائیت، عالمی و غیر سرکاری اداروں کے نمائندگان، اساتذہ، طبی عملے اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خاص ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پنجگور ڈاکٹر عابد علی ریکی تھے۔ جبکہ منعقدہ سیمینار سے ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 16)

بھاگ، ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے غریب اور متوسط طبقہ شدید پریشان

بھاگ (یو این اے) ادویات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 19)

گنداخہ، عقیدہ ختم نبوتؐ اور آئین کے خلاف گستاخانہ بیانات پر جماعت اہل سنت اور ٹی ایل پی کا احتجاج

گنداخہ (یو این اے) عقیدہ ختم نبوت ﷺ اور آئین پاکستان کے خلاف متنازعہ و گستاخانہ بیانات کے خلاف گنداخہ میں جماعت اہل سنت اور تحریک لبیک پاکستان کے زیر اہتمام (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 18)

مودی حکومت اپنے وعدوں سے مکر گئی، کاکروچ جنتا پارٹی کا دوبارہ بڑے مارچ کا اعلان

نئی دہلی (آئی این پی) نئی دہلی میں میٹ پیپر لیگ تنازع ایک بار پھر شدت اختیار کرنے لگا کاکروچ جنتا پارٹی نے 5 ستمبر کو انڈیا گیٹ سے دہلی پولیس ہیڈ کوارٹر تک پرامن مارچ کا اعلان کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 17)

قزاقوں کی تاوان دینے کی بات نہیں مانی جا سکتی، اسحاق ڈار

مغویوں کو تاوان دے کر نہیں چھڑوا سکتے، قزاقوں کو اس طرح پیسے ملنے شروع ہو گئے تو وہ یہی کام جاری رکھیں گے، گفتگو

لندن (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے واضح کیا ہے کہ قزاقوں کی تاوان دینے کی بات نہیں مانی جا سکتی۔ میڈیا سے گفتگو میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ صومالیہ میں بحری قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال بنے پاکستانی ملاحوں کی واپسی چار ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود تاحال ممکن نہیں ہو سکی ہے۔ انہوں نے کہا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 21)

سردار ایاز صادق سے ڈپٹی اسپیکر گلگت بلتستان کی ملاقات

پارلیمانی تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ڈپٹی اسپیکر گلگت بلتستان اسمبلی ملک کفایت الرحمن نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی جس میں قومی اسمبلی اور گلگت بلتستان اسمبلی کے درمیان پارلیمانی تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی نے ملک کفایت الرحمن کو ڈپٹی اسپیکر منتخب ہونے پر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 22)

پاور ڈویژن نے درآمدی کوئلے کی خریداری میں اصلاحی اقدامات کے لیے پالیسی گائیڈ لائنز جاری کر دیں

جن کے نتیجے میں سالانہ 380 ملین روپے تک کی بچت ممکن ہو سکتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاور ڈویژن نے پاور پلانٹس کی جانب سے درآمدی کوئلے کی خریداری میں موجود غیر مؤثر طریقہ کار اور خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے اصلاحی اقدامات کیلئے پالیسی گائیڈ لائنز جاری کر دی ہیں جن کے نتیجے میں سالانہ 380 ملین روپے تک کی بچت ممکن ہو سکتی ہے۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق ان حقائق کا انکشاف وفاقی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 23)

نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کے لیے عظیم نعمت اور رحمت کا پیغام ہے

حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے، سردار کوہیار خان ڈومکی

ہمیں چاہیے کہ اپنی زندگیوں میں نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کو اپنائیں اور معاشرے میں بھائی چارے، امن اور اتحاد کو فروغ دیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے 12 ربیع الاول، جشن میلاد النبی ﷺ کے موقع پر امت مسلمہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کے لیے عظیم نعمت اور رحمت کا پیغام ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے۔ آپ ﷺ نے محبت، اخوت، رواداری (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 30)

جمعیت نظریاتی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی کی رہائشگاہ پر منعقدہ جرگہ میں دو خاندانوں کے درمیان تصفیہ کے موقع پر مولوی منصور شاہ چشتی کی جانب سے عشائیہ کے شرکاء

کوئٹہ: عید میلاد النبی (ص) جلوس کے راستے میں سیل دکان کا ایک منظر

ملک بھر میں اب تک 21 لاکھ سے زائد اسمارٹ میٹرز نصب کیے جا چکے ہیں، وزارت توانائی

اسلام آباد (آئی این پی) ملک بھر میں اب تک 21 لاکھ سے زائد اسمارٹ میٹرز نصب کیے گئے ہیں۔ یہ انکشاف وزارت توانائی نے سینیٹ میں جمع کرائے گئے اسمارٹ میٹرز کی تنصیب سے متعلق تحریری جواب میں کیا ہے۔ جس میں بتایا گیا کہ ملک بھر کی بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 31)

پی این ایس سی اور کے ایس اینڈ ای ڈبلیو کی جدید کاری کے منصوبے پر موثر عملدرآمد جاری

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت پی این ایس سی اور کے ایس اینڈ ای ڈبلیو کی جدید کاری کے منصوبے پر موثر عملدرآمد جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کی کارکردگی کا تھرڈ پارٹی پرفارمنس آڈٹ مکمل (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 32)

غیر حاضر طبی عملے کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، سعید الرحمن کاکڑ

طبی مراکز کی موثر نگرانی اور عملے کی حاضری ضروری ہے

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت کی سہولیات، جاری صحت (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 33)

چوہدری طارق فاروق آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر منتخب

چوہدری طارق فاروق کو 32 ووٹ پڑے، پیپلز پارٹی کے قاسم مجید نے 13 ووٹ حاصل کیے

مظفر آباد (آئی این پی) مسلم لیگ (ن) کے چوہدری طارق فاروق آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے 15 ویں اسپیکر منتخب ہو گئے۔ اسپیکر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخاب کے لئے پولنگ کے بعد گنتی کا عمل مکمل ہو گیا۔ مسلم لیگ ن کے چوہدری طارق فاروق کو 32 ووٹ پڑے جبکہ پیپلز پارٹی کے قاسم مجید نے 13 ووٹ حاصل کیے۔ اسپیکر منتخب ہوتے ہی چوہدری طارق فاروق قائم مقام صدر آزاد کشمیر کا منصب بھی سنبھال لیں گے۔ واضح رہے کہ آزاد کشمیر میں عام انتخابات کے بعد نئی قانون ساز اسمبلی کی تشکیل کا اہم مرحلہ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 29)

شہر میں امن و امان کیلئے پولیس الرٹ ہے، عبدالحفیظ جکھرانی

عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں امن و امان کی فضا کو بحال رکھنے اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایس پی پولیس ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے رات کے وقت شہر کے مختلف حساس اور اہم مقامات کا سرپرائز دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے گشت پر مامور اہلکاروں کی حاضری، ناکہ بندیوں اور سیکیورٹی کے مجموعی نقل و حرکت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر ایس پی ہرنائی نے ڈیوٹی پر موجود پولیس جوانوں سے ملاقات کی اور سیکیور (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 28)

غزہ: پتنگ دیکھنے پر بھی حملے کی دھمکی، حماس کا والدین کو بچوں کو باز رکھنے کی ہدایت

تل ابیب (آئی این پی) اسرائیل کی جانب سے حملوں کی دھمکی کی بعد غزہ کی پٹی میں والدین کو خبردار کیا گیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پتنگ اڑانے سے باز رکھیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج کی جانب سے بیان میں کہا گیا کہ اگر حماس کے دہشت گردوں نے سرحد پر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 27)

سنسنی خیزی اور فیک نیوز میں بھارتی میڈیا سب سے آگے ہے، امریکی سفیر

نئی دہلی (آئی این پی) بھارت میں امریکی سفیر نے بھارتی میڈیا پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی میڈیا میں سنسنی خیزی کی انتہا ہے، خبر، تجزیے اور حقیقت کا فرق مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی سفیر سرجیو گور نے کہا کہ شام 6 بجے 8 اور رات (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 26)

گنداخہ شہر کی صفائی اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

جلوس کے روٹس پر صفائی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں ہوگی

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی خصوصی ہدایات پر بارہ ربیع الاول کے سلسلے میں میونسپل کمیٹی گنداخہ عملے نے صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات مکمل کرنے کے لیے عملی اقدامات تیز کر دیے ہیں، میونسپل کمیٹی کے سینٹری اسٹاف اور دیگر عملہ شہر میں بارہ ربیع الاول کے جلوس کے مقررہ روٹس، اہم شاہراہوں اور گزرگاہوں کی صفائی میں مصروف ہے، جبکہ جلوس کے راستوں سے کچرے، مٹی اور دیگر آلائشوں کو مشینری کے ذریعے ہٹایا جا رہا ہے تاکہ جلوس کے شرکا کو صاف ستھرا اور سازگار ماحول فراہم کیا جا سکے، چیئرمین میونسپل (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 24)

پیپلز پارٹی لسبیلا کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کا بیلا، اوتھل اور لاکھڑا کا دورہ

مختلف مقامات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی، سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار

بیلا (یو این اے) پیپلز پارٹی لسبیلا کے ضلعی صدر کا دورہ بیلا اوتھل لاکھڑا میں مختلف جگہوں پر تعزیتیں کیں تفصیل کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلا کے نو منتخب ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ نے گزشتہ روز موندرہ گوٹھ بیلا میں پی پی پی تحصیل بیلا کے سابق سینیئر نائب صدر کامریڈ عبدالمجید رونجھو کے والد کی وفات لیاری ناکھٹی میں ٹریفک حادثے میں شہید ہونے والے وڈیرہ عبدالرحیم انگاریہ کے فرزند اور پوتے کی رحلت لیاری دبہ میں قادر بخش انگاریہ کے بیٹے کی وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی معروف سیاسی سماجی شخصیت سید صالح شاہ وڈیرہ غلام مصطفیٰ جاموٹ راشد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 25)

بی ایل اے اور دیگر مسلح عناصر کی پشتونخوا وطن میں کارروائیاں اور بے گناہ شہریوں و مزدوروں کا قتل قابل مذمت ہے

آئین، میڈیا، عدلیہ اور پارلیمنٹ کی آزادی و وقعت کو پامال کیا جا رہا ہے، پشتونخوا میپ

سرانان میں دہشتگردی کے واقعات کی مذمت ملک اس وقت سیاسی، آئینی، معاشی اور امن و امان کے سنگین بحرانوں میں گھرا ہوا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں ضلع پشین کی تحصیل سرانان میں چند روز قبل سرانان بازار تھانے کو دھماکے سے اڑائے جانے اور آج سرانان بائی پاس کی زیر تعمیر سڑک پر کام کرنے والے پانچ مزدوروں کو بی ایل اے کے نام سے قتل کیے جانے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں شہید مزدوروں کے خاندانوں سے دلی تعزیت اور (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 34)

لہڑی کا ای پی ایچ یونٹ کی تقریب حلف برداری کے موقع پر ڈائریکٹر ای پی ایچ [illegible] کا گروپ فوٹو

تعلیمات نبوی ﷺ پر عمل ہی مسائل کا حقیقی حل ہے، مرتضیٰ جمالی

سیرت طیبہ ﷺ پوری انسانیت کیلئے مشعل راہ ہے

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اوستا محمد میر مرتضیٰ خان جمالی نے کہا ہے کہ 12 ربیع الاول پوری امت مسلمہ کے لیے عظیم بابرکت اور تاریخی دن ہے کیونکہ اسی مبارک دن نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی آپ ﷺ کی آمد پوری انسانیت کے لیے رحمت، ہدایت، امن اور فلاح کا پیغام ہے۔ میر مرتضیٰ خان جمالی نے کہا کہ نبی کریم (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 37)

حکومت کو خطرہ نہیں، مدت پوری کرے گی، طارق فضل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ہے، حکومت اچھے طریقے سے اپنے فرائض انجام دے رہی ہے اور اپنی مدت پوری کرے گی۔ ایک انٹرویو میں ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ہمیں پتا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو شفا انٹرنیشنل کے بجائے پمز منتقل کریں گے تو میڈیا پر بہت شور ہوگا۔ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 36)

معیاری تعلیم کیلئے اساتذہ اپنی صلاحیتیں بروئے کار لائیں، عبداللہ جان

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر موسیٰ خیل عبداللہ جان نے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول طور خان کا دورہ کیا اور (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 35)

سارقین کے خلاف پولیس کی کارروائیاں جاری رہیں گی، عبدالحفیظ جکھرانی

ہرنائی (خ ن) ڈسٹرکٹ پولیس ہرنائی نے جرائم پیشہ عناصر اور سارقین کے خلاف جاری مہم کے دوران ایک بڑی کامیابی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، گھر سے 13 سالہ لڑکے کی پھندا لگی لاش برآمد

پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد مزید تفتیش کی جائے گی

لڑکا گھر میں ملازم تھا، پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد مزید تفتیش کی جائے گی، پولیس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے سیکٹر ای الیون میں گھر سے 13 سال کے لڑکے کی پھندا لگی لاش ملی ہے۔ اطلاع پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش ہسپتال منتقل کر دی۔ پولیس کے مطابق لڑکا گھر میں ملازم تھا، پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد مزید تفتیش کی جائے گی۔ اسلام آباد کے سیکٹر ای الیون میں گھر سے 13 سال کے لڑکے کی پھندا لگی لاش ملی ہے۔ اطلاع پر پولیس (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 39)

پاک ترکیہ وزرائے خارجہ کا ٹیلی فونک رابطہ، قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق

اسلام آباد (آئی این پی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا ترکی کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ٹیلی فون پر رابطہ ہوا ہے جس میں علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ گفتگو میں دو طرفہ تعلقا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 40)

وزیر داخلہ کا ڈپلومیٹک انکلیو کا دورہ

جدید و جامع سیکیورٹی پلان مرتب کرنے اور کام کے دوران درخت نہ کاٹنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈپلومیٹک انکلیو کا دورہ کیا اور وہاں جاری ترقیاتی کاموں، چاردیواری کی تعمیر، چیک پوسٹوں کی ری ماڈلنگ، سائیکلنگ اور واکنگ ٹریکس کے منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے چاردیواری پر ہمہ وقت (24 گھنٹے) کام جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ ترقیاتی کاموں کے دوران کسی صورت ایک بھی درخت نہ کاٹا جائے۔ انہوں نے ڈپلومیٹک انکلیو میں سڑکوں کو کشادہ کرنے، سائیکلنگ اور واکنگ ٹریکس کو جدید طرز پر تیار کرنے اور پارکس کو بین الاقوامی معیار کے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 41)

پشتونخوا میپ کے مرکزی ڈپٹی چیئرمین عبدالروف لالا کی قیادت میں وفد جمعیت نظریاتی کے دفتر مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی سے ملاقات کر رہے ہیں

ضلع لیہ میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی امداد کیلئے اقدامات جاری ہیں، وفاقی وزیر معین وٹو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آبی وسائل معین حیدر وٹو نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ ضلع لیہ میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی امداد کیلئے فوری اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، لیہ سے 3 لاکھ کیوسک پانی گزر رہا ہے جیسے ہی پانی کم ہوگا بحالی اور معاوضہ جات کیلئے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 42)

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس:2824878 موبائل نمبر:03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com